Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | اتوار، 19 مئی 2024ء، 10 ذی القعدہ 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 63

لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کیلئے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت ریونیو ریفارمز سے متعلق خصوصی اجلاس، لینڈ ڈیجیٹلائزیشن کے عمل میں متعلقہ محکموں کے اشتراک کار کو یقینی بنانے کا حکم

ورلڈ بینک کے تعاون سے پلس پراجیکٹ کے تحت لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کی جا رہی ہے، پنجاب کے تمام موضع جات کی آنر بیسڈ ڈیجیٹلائزیشن کی جائیگی

صوبائی وزراء محسن خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر پی ایم پی میں نیوز لیشن بورڈ کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (آئی آئی پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کے لئے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت بورڈ آف ریونیو ریفارمز سے متعلق خصوصی اجلاس ہوا جس میں پنجاب ارین لینڈ سسٹم ان ہاسمنٹ (Pulse) پراجیکٹ پر بریفنگ دی گئی، پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اور مجسٹریٹ آف سٹیٹ لینڈ کے برٹس پلان (بقیہ نمبر 27)

ججوں کے خط کا معاملہ آوٹ آف کورٹ حل کرنا ہوگا، رانا ثنا اللہ

6 ججوں کے خط کے معاملے میں کمی کو کٹہرے میں کھڑا کرکے یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکتا ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ سیاستدانوں، عدلیہ اور اسٹیبلشمنٹ کو مالی سے نکلنا ہوگا۔ جی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کے دوران رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ججوں کے خط کا معاملہ آوٹ آف کورٹ حل کرنا ہوگا۔ 6 ججوں کے خط کے معاملے میں کمی کو کٹہرے میں کھڑا کرکے یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکتا ہے جل اس کے سوا کوئی نہیں کہ ادارے اور لوگ ایک جگہ بیٹھ کر معاملہ (بقیہ نمبر 29)

پاکستان اور IMF ایمی پالیسی سطح کے مذاکرات 20 مئی سے شروع

ایف بی آر ریونیو، نان ٹیکس آمدنی کے آئندہ مالی سال کے اہداف طے جائیں گے، ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (پی آئی) معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات 20 مئی سے شروع ہوں گے۔ ذرائع خزانہ کے مطابق پالیسی سطح کے مذاکرات دوران سٹے قرض کے حجم پر بھی (بقیہ نمبر 32)

سی پیک 25.4 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر چکے، چینی قونصلر

سی پیک میں خطیر سرمایہ کاری کے علاوہ 236000 ملازمتیں، 510 کلومیٹر ہائی ویز کو نیٹ ورک میں لایا گیا

کراچی (پی آئی) کراچی میں سی پیک منصوبے میں 25.4 بلین امریکی ڈالرز کی براہ راست سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ چینی قونصل جنرل یانگ یوڈونگ نے کراچی میں چینی قونصلیٹ جنرل کی جانب (بقیہ نمبر 31)

جون 2025 تک روپیہ اپنی قدر 18 فیصد کھو دیگا

سی پیک میں خطیر سرمایہ کاری کے علاوہ 236000 ملازمتیں، 510 کلومیٹر ہائی ویز کو نیٹ ورک میں لایا گیا

کراچی (پی آئی) کراچی میں سی پیک منصوبے میں 25.4 بلین امریکی ڈالرز کی براہ راست سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ چینی قونصل جنرل یانگ یوڈونگ نے کراچی میں چینی قونصلیٹ جنرل کی جانب (بقیہ نمبر 30)

مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف، فائنانشل مسدود وزیر اعظم شہباز شریف اور دیگر ماڈل ٹاؤن کیکر ٹریٹ میں سنٹرل ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہیں

کرغزستان کے ناظم الامور ڈیپارٹ کیلئے طلب کوئی پاکستانی ہلاک نہیں ہوا، کسی خاتون سے زیادتی ہوئی ہے، دفتر خارجہ

کرغزستان بشکیک پاکستانی طلبہ کے ہاسٹلز پر مقامی افراد کا حملہ

مقامی اور غیر ملکی طلبہ کی لڑائی شروع ہوئی، جس کی زد میں پاکستانی بھی آ گئے، تشدد کا نشانہ بنایا، توڑ پھوڑ کی، تشدد سے متعدد طلبہ زخمی، کرغزستان طلبہ ہنگامہ آرائی، پاکستانیوں پر تشدد، سربراہ بشکیک سٹی داخلہ امور کا بیان سامنے آ گیا

حملہ آوروں نے ہاسٹل کے دروازے اور کھڑکیوں کے شیشے توڑ دیے، پاکستانی طالبات کو بھی ہراساں کیا گیا، پاکستانی طالبعلم کی گفتگو، حالات معمول پر آنے تک پاکستانی طلبہ گھروں پر رہیں، پاکستانی سفیر حسن علی خٹک

وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کا کرغزستان میں پاکستانی سفیر سے ٹیلی فونک رابطہ، پاکستانی طلباء کو ہر ممکن کی مدد و معاونت فراہم کرنے کی ہدایت

بشکیک (آئی آئی پی) کرغزستان میں پاکستانی طلبہ کے ہاسٹلز پر مقامی افراد نے حملہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مقامی افراد نے پاکستانی طلبہ کے ہاسٹلز پر حملہ کر کے وہاں موجود پاکستانیوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں متعدد طلبہ زخمی ہو گئے۔ حملہ آوروں نے ہاسٹل کے دروازے (بقیہ نمبر 43)

وزیر اعظم شہباز شریف سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم نے اکنامک ایڈوائزری کونسل کی تشکیل کر دی، نوٹیفکیشن جاری

شہباز شریف نے اکنامک ایڈوائزری کونسل کی تشکیل کر دی۔ فاس ڈویژن نے اکنامک ایڈوائزری کونسل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق (بقیہ نمبر 34)

پاکستانیوں کی حفاظت انتہائی اہم ہے، ممتاز زہرا بلوچ

پاکستانی سفیر اور ان کی ٹیم کیلئے پاکستانیوں کی حفاظت انتہائی اہمیت کی حامل ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے اکنامک ایڈوائزری کونسل کی تشکیل کر دی۔ فاس ڈویژن نے اکنامک ایڈوائزری کونسل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد (اے ایف پی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ کرغزستان میں مقامی اور غیر ملکی طلبہ کے درمیان جھگڑے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال میں پاکستانی طلبہ سے متعلق کرغزستان سے رابطے میں ہیں، کرغزستان میں پاکستانی سفارتخانے کا پیغام موصول ہوا ہے۔ سوشل میڈیا پر کرغزستان میں تعینات پاکستانی سفیر (بقیہ نمبر 33)

میڈیا کو توہین عدالت پر مبنی مواد نشر کرنے سے باز رہنا چاہیے، سپریم کورٹ

میڈیا کی جانب سے ایسے مواد نشر کرنے پر ان کے خلاف بھی توہین عدالت کی کارروائی کی جا سکتی ہے، سپریم کورٹ

عدالت نے قرار دیا کہ بادی النظر میں فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال کی پریس کانفرنسز توہین عدالت کے زمرے میں آتی ہیں

اسلام آباد (سی ایم ٹی ایس) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ میڈیا کو توہین عدالت پر مبنی مواد نشر کرنے سے باز رہنا چاہیے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ توہین عدالت پر مبنی مواد نشر کرنے والے میڈیا ادارے بھی توہین عدالت کر رہے ہیں۔ میڈیا کو توہین (بقیہ نمبر 44)

فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال توہین عدالت کیس کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا، جس میں عدالت نے کہا کہ توہین عدالت پر مبنی مواد نشر کرنے والے یا دوبارہ توہین عدالت مواد نشر کرنے والے میڈیا ادارے بھی توہین عدالت کر رہے ہیں۔ میڈیا کو توہین (بقیہ نمبر 44)

ترک کھائی میں گر گیا ایک ہی خاندان کے 13 افراد جاں بحق 9 زخمی

متاثرہ خاندان بنوں سے مزدوری کے لیے خوشاب آ رہا تھا، بریک فیل ہونے سے گاڑی کھائی میں جا گری، 5 خواتین بھی شامل ہیں

ایک ہی خاندان کے 13 افراد جاں بحق ہونے کا دکھ ہے، لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، محسن نقوی

خوشاب (اے ایف پی) خوشاب میں ترک کھائی میں گرنے سے 13 افراد جاں بحق، 9 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک ہی خاندان سے تعلق رکھنے والے 13 افراد جاں بحق، متاثرہ خاندان بنوں سے مزدوری کے لیے تھی ترک مہ سوار ہو کر خوشاب آ رہا تھا، بریک فیل ہونے سے گاڑی کھائی میں جا گری، مرنے والوں میں 5 خواتین بھی شامل ہیں۔ (بقیہ نمبر 35)

ہر سیاستدان پر اپنی تمام ملکی و غیر ملکی پراپرٹی ظاہر کرنا لازم ہے

وہی لیکس کی تحقیقات ایف آئی اے، ایف بی آر سے کرانے کیلئے درخواست دائر

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ میں وہی لیکس کی تحقیقات ایف آئی اے، ایف بی آر اور نیب سے کرانے کیلئے درخواست دائر کر دی گئی۔ عدالت عالیہ میں درخواست شیری مظہر حسین نے عدیم سپریم اور ایڈووکیٹ کے ذریعے دائر کی جس میں وفاقی حکومت، نیب، ایف بی آر اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ وہی لیکس میں (بقیہ نمبر 49)

سوئی ناردرن کیس نے سرکاری نادہندگان کو پریزنٹ جاری

وفاقی وصوبائی محکموں پر سوئی ناردرن کے 1.34 ارب سے زائد رقم واجب الادا، پبلک سیکٹر کی تنظیموں انجمنوں کو یاد دہانی نوٹس جاری

ایس این جی پی ایل ایسی تمام سرکاری تنظیموں اور اداروں کو مطلع کرنا چاہے گا کہ وہ مزید کارروائی سے بچنے کے لیے فوری طور پر واجبات ادا کریں

Z-ڈ مری ضلع راولپنڈی، سرائے عالمگیر، جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر، سینٹر قائد اعظم ٹاؤن ٹاؤن شپ لاہور، 240,854 روپے/- اچھرہ قلعہ ڈی ڈی روڈ 496,454 روپے/- SDO M/S بلڈنگز 158,659 روپے/- نیو ایگل سپیکٹس، ایس ایس پی آفس ڈگری روڈ B/O ایس ایس پی سرگودھا بقیہ نمبر 5 (4)

سرائے عالمگیر، جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر، سب ڈویژن اٹک، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈوگلین/موبائل سکواڈ پلاٹ نمبر 16، ایک سو 2,584,531 روپے/- اچھرہ قلعہ صدر

تجاوزات کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت

تجاوزات، غیر قانونی و غیر مجاز تعمیرات اور کمرشل سرگرمیوں کے خلاف بلا خوف و خطر کے سخت کارروائی جاری رکھیں

ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ کی انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے کو تجاوزات کے خلاف کارروائی کی ہدایت

راولپنڈی (عبدالرحمان) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ اے کو تجاوزات کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان آر ڈی اے کے مطابق انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کے خلاف پنجاب ڈویلپمنٹ آف سٹیز ایکٹ 1976 اور آر ڈی اے بلڈنگ اینڈ (بقیہ نمبر 3 (5)

جامشورو کا کوئلے سے چلنے والا 660 میگاواٹ منصوبہ تیار

جامشورو (اے ایف پی) کوئلے سے چلنے والا 1320 میگاواٹ کول فائرڈ پاور پروجیکٹ جامشورو کا پہلا حصہ 660 میگاواٹ کول فائرڈ پاور پروجیکٹ جامشورو کا 660 میگاواٹ منصوبہ مکمل تیار ہو چکا ہے جو جلد بجلی کی تیاری شروع (بقیہ نمبر 50)

کروڑوں روپے مالیت کی 2 ہزار کلوگرام چرس برآمد

نشیات کی عالمی منڈی میں قیمت 34.241 ملین ڈالر کے لگ بھگ ہے

کراچی (اے ایف پی) پاکستان کوسٹ گارڈ نے بلوچستان کے علاقوں پسنی اور اوتھل میں کارروائی کرتے ہوئے اہل کوائی کی 2052 کلو گرام چرس برآمد (بقیہ نمبر 37)

انتخابی ریلی پر فائرنگ، میئر کے امیدوار سمیت 6 افراد ہلاک

میکسیکو سٹی (آئی آئی پی) میکسیکو کی جنوب مشرقی ریاست چیاپاس کے شہر اکاکوئرا میں انتخابی ریلی پر فائرنگ کے نتیجے میں میئر کے امیدوار سمیت 6 افراد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔ شیوانے متاثی خام کے حوالے سے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق فائرنگ سے میئر کے امیدوار لوبیز ولیبیز ماز اور پانچ دیگر افراد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔

وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان ڈی جی آر ٹی اے و آرڈر مس پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایک صحتمند ماں ہی صحتمند معاشرہ تخلیق کرتی ہے

محکمہ صحت سرگودھا اور پودا آرگنائزیشن اسلام آباد کے اشتراک سے رورل ہیلتھ سنٹر جھاوریاں میں ورکشاپ کا انعقاد

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) رورل ہیلتھ سنٹر جھاوریاں تحصیل شاہ پور میں گزشتہ روز محکمہ صحت سرگودھا نے پودا آرگنائزیشن اسلام آباد کے اشتراک سے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد کم عمری کی شادی کی روک تھام اور صحت کے مسائل کے حل بارے لوگوں کو آگاہ کرنا تھا۔ CEO ہیلتھ سرگودھا ڈاکٹر اسلم اسد نے لیڈی ہیلتھ ورکرز اور کمیونٹی کے لوگوں کو لڑکیوں کی (بقیہ نمبر 38)

پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل
حکومتِ پنجاب

پنجاب بھر کے تمام ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس میں
داخلے جاری

ریگولر اور شارٹ کورسز

انڈسٹری کی ضرورت کے عین مطابق کورسز
میں داخلہ لیں اور اپنا مستقبل سنواریں

شارت کورسز SHORT COURSES | زکوٰۃ پروگرام STIPEND TECHNICAL | سپانسر اے چائلڈ SPONSOR A CHILD | سلیف فنانس SELF FINANCE

نوجوانوں کے لیے فنی تربیت، اندرون و بیرون ملک ملازمت کے حصول کے مواقع

پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل پنجاب میں پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے والا اولین ادارہ ہے جس نے پنجاب کے تمام اضلاع اور تحصیلوں میں وی ٹی آئیز کی موجودگی کو یقینی بنایا۔

کورسز اور اداروں کی تفصیلات ہماری ویب سائٹ www.pvtc.gop.pk پر موجود ہیں۔

academic.pvtc.gop.pk/admission — APPLY ONLINE

مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں www.pvtc.gop.pk — +92 42 3520 9200

SPL-530

بشکیک میں پاکستانی سفیر کو طلبہ کی ہر ممکن مدد کرنے کی ہدایت

کرغزستان میں طلبا پر حملوں کی اطلاعات انتہائی تشویشناک ہیں

کرغزستان میں اپنے سفیر کو مکمل سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے بشکیک میں پاکستانی سفیر کو پاکستانی طلبہ کی ہر ممکن مدد کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے کرغزستان میں پاکستانی اور دیگر ممالک کے طلبہ پر ہونے والے حملوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے بشکیک میں پاکستانی سفیر کو پاکستانی طلبا کی ہر ممکن مدد کرنے کی ہدایت کر دی۔

چوہدری سالک حسین کا مختلف کیٹرنگ کمپنیوں کا دورہ

حاجیوں کیلئے کھانوں کی تیاری اور پیکنگ کے مختلف مراحل کا معائنہ

مدینہ منورہ (اے ایف پی) : وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین نے ہفتہ کو مدینہ منورہ کی مختلف کیٹرنگ کمپنیوں کا دورہ کیا اور حاجیوں کیلئے کھانوں کی (بقیہ نمبر 47)

ن لیگ سنٹرل ورکنگ کمیٹی نے شہباز شریف کو قائم مقام صدر نامزد کر دیا

شہباز شریف پارٹی انتخاب تک قائم مقام صدر کے فرائض سرانجام دیں گے

لاہور (اے ایف پی) مسلم لیگ (ن) سینٹرل ورکنگ کمیٹی نے وزیر اعظم شہباز شریف کو قائم مقام صدر نامزد کر دیا۔ مسلم لیگ ن کی سینٹرل (بقیہ نمبر 48)

سینٹرل پریس کلب کے وفد کی وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ سے ملاقات۔ اس موقع پر پریسل انفارمیشن آفیسر مبشر حسن، صدر این پی اکبر توقی، قائم مقام سیکرٹری سید محسن شیرازی، جائنٹ سیکرٹری وقار عباسی و دیگر عہدیدار بھی ہمراہ ہیں

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فتح ٹو گائیڈڈ راکٹ کا کامیاب تجربہ

پاکستان نے ناقابل تسخیر دفاع کو مزید مضبوط و مستحکم بناتے ہوئے فتح 2 گائیڈڈ راکٹ سسٹم کا کامیاب تجربہ کیا ہے جس کی رینج 400 کلومیٹر ہے۔ یہ جدید ترین نیوی گیشن سسٹم سے لیس ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق فتح ٹو درستی سے اہداف کو نشانہ بنانے اور کسی بھی میزائل دفاعی نظام کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

پاکستان کا دفاع اسکے ایٹمی قوت بننے سے ناقابلِ تسخیر ہو چکا ہے۔ ٹیکنالوجی اور جدت کا کوئی اختتام اور حد نہیں ہے۔ دفاعی حوالے سے پاکستان جدتوں کا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔ فتح ٹو گائیڈڈ راکٹ سسٹم کا تجربہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ پاکستان کو عیار مکار اور توسیع پسندانہ عزائم رکھنے کے ساتھ ساتھ پڑوسیوں خاص طور پر پاکستان کے لیے ناقابل برداشت رویے رکھنے والے دشمن کا سامنا ہے۔ پاکستان کے خلاف وہ چار مرتبہ جارحیت کا ارتکاب کر چکا ہے وہ کسی بھی وقت ایک مرتبہ پھر ایسا کر سکتا ہے جس کے لیے ہمیں ہمہ وقت تیار رہنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی افواج اور عوام اس کے لیے تیار بھی ہیں۔ پاکستان کے مقابلے میں بھارت کے پاس مالی وسائل سمیت ہر شعبے میں دو تین گنا سے لے کر کئی گنا تک برتری حاصل ہے جس میں افواج اور جدید اسلحہ بھی شامل ہے۔ اس کے باوجود پاکستان نے بھارت کو اکثر جنگوں میں شکست فاش دی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پاکستان کا انحصار افواج کی تعداد اور اسلحہ کی مقدار پر نہیں بلکہ معیار پر رہا ہے۔ مجید نظامی مرحوم کہا کرتے تھے کہ معیار کے لحاظ سے بھارت کا ایٹم بم پاکستان کے گھوڑوں کے مقابلے میں گدھوں کی حیثیت رکھتا ہے۔ آج پاکستان دنیا کے کسی بھی حصے میں بیٹھے ہوئے دشمن کو اپنے ہتھیاروں سے نشانہ بنانے کی پوزیشن میں ہے۔ فتح ٹو گائیڈڈ راکٹ آرٹلری ڈویژنز کے حوالے کیا جا رہا ہے جو پاکستان کے دفاع کو مزید مضبوط بنائے گا۔ پاک افواج کے اعتماد کو مزید جلا بخشے گا اور قوم کا سر فخر سے بلند ہوگا۔ صدر مملکت وزیر اعظم اور پوری قوم کامیاب تجربے کی صورت میں پاکستان کے دفاع کو نئی جہت دینے پر پاک فوج اور سائنسدانوں کو مبارکباد پیش کرتی ہے۔

ملکی خزانے پر پنشنرز نہیں، اشرافیہ بوجھ ہیں

رفیع صحرائی

آئی ایم ایف کی جانب سے مقرر کردہ وطنِ عزیز کے وزیرِ خزانہ جناب محمد اورنگ زیب نے کابینہ کے دو دیگر بھاری بھرکم وزراء جناب عطاء اللہ تارڑ اور جناب اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کی پنشن کو ملکی خزانے پر بہت بڑا بوجھ قرار دیا ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں مزید کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمیں سروس سٹرکچر میں تبدیلی کرنا ہوگی تاکہ پنشن کا خرچہ آہستہ آہستہ ہمارے قابو میں آئے۔

اگر ماضی کے اوراق پلٹے جائیں تو یہ حقیقت ہمارے سامنے واضح ہو گی کہ مسلم لیگ ن جب جب بھی برسرِ اقتدار آئی ہے اس نے سرکاری ملازمین کے ساتھ سوتیلا پن ہی برتا ہے۔ سرکاری ملازمین کو خاطر خواہ ریلیف صرف پیپلز پارٹی اور پرویز مشرف کے دور حکومت میں ہی ملا ہے۔ سرکاری ملازمین کے معاشی قتل کے معاملے میں مسلم لیگ ن اور پی ٹی آئی ایک ہی صفحے پر نظر آتی ہیں۔ بدقسمتی سے یہی دونوں جماعتیں اس وقت عوامی مقبولیت کی دعویدار بھی ہیں۔

جناب محمد اورنگ زیب کے پیش رو جناب اسحاق ڈار نے بھی گزشتہ سال بجٹ کے موقع پر پنشنرز کو ملکی خزانے پر بہت بڑا بوجھ قرار دیا تھا۔ اب یہ بات موجودہ وزیرِ خزانہ نشرِ مکرر کے طور پر بیان فرما رہے ہیں۔ ملکی معیشت کی کشتی کو تباہی کے کنارے پر دیکھ کر انہوں نے شاید حبیب ولی محمد کی گائی غزل کا یہ شعر پلے باندھ لیا ہے کہ

اب مجھ پہ نزع کا عالم ہے تم اپنی محبت واپس لو
جب کشتی ڈوبنے لگتی ہے تو بوجھ اتارا کرتے ہیں

ملکی معیشت کی کشتی کو اپنی غلط پالیسیوں کے سبب بیچ منجدھار میں لا کر اس میں چھید کرنے کے بعد اس کشتی کا سب سے بے مایہ سامان یعنی پنشنرز کو کشتی سے دھکا دے کر کشتی کو بخیر و عافیت کنارے پر لے جانے کی عقلمندی کی بات سمجھ سے بالاتر ہے۔ کشتی کے کاریگر ملاح بخوبی جانتے ہیں کہ ایسی صورتِ حال میں بھاری بھرکم بوجھ سے جان چھڑائی جاتی ہے۔ کشتی پر بوجھ کا بھاری پتھر پنشنرز نہیں بلکہ اس بوجھ کا پہاڑ وہ مراعات یافتہ طبقہ ہے جس میں ہماری معیشت کی کشتی کے ناخدا یعنی محمد اورنگ زیب صاحب خود بھی شامل ہیں۔ آپ کو یاد ہو گا کہ سابق وزیرِ خزانہ جناب اسحاق ڈار کئی سال خودساختہ جلاوطن رہے ہیں۔ عمران خان کے پورے دورِ حکومت میں برطانیہ میں سکونت پذیر رہنے کے بعد جب وطن واپس تشریف لائے انہوں نے تو بطور سینیٹر حلف اٹھایا۔ یہ تو سبھی سمجھتے ہیں کہ جائننگ کے دن سے ہی کسی کی سروس کا شمار ہوتا ہے۔ سرکاری ملازمین جب کسی پوسٹ کے لیے منتخب ہونے کے بعد حاضری دیتے ہیں تو ان کی ملازمت کا وہ پہلا دن ہوتا ہے چاہے اپائنٹمنٹ آرڈرز دس دن پہلے جاری ہوئے ہوں۔ اسی حساب سے جناب اسحاق ڈار نے جب سینٹ کی رکنیت کا حلف اٹھایا تو وہ بطور سینیٹر ان کا پہلا دن تھا۔ اخبارات میں رپورٹ ہوا تھا کہ انہوں نے اپنی غیر حاضری اور جلاوطنی کے دور کی مراعات بھی بقایا جات کی مد میں حاصل کیں جو کروڑوں میں بنی تھی۔ دیکھا جائے تو ان پر اللہ کی خیر ہے۔ وہ بغیر تنخواہ بھی کام کر سکتے ہیں مگر انہوں نے مبینہ طور پر وہ رقم بھی وصول کر لی جس کے وہ اخلاقی طور پر حقدار نہ تھے۔

پاکستان میں ایک قانون یہ بھی ہے کہ کوئی شخص چاہے ایک دن کے لیے بھی وزیرِ اعظم یا وزیرِ اعلیٰ رہا ہو تو وہ ساری زندگی کے لیے پنشن اور مراعات کا حق دار ٹھہرتا ہے۔ ان مراعات میں نقد پنشن کے علاوہ سیکورٹی گارڈ اور دیگر بہت سی مراعات بھی شامل ہیں۔ نگران وزرائے اعلیٰ اور وزرائے اعظم کیلئے بھی یہی پیکیج ہے۔ چونکہ یہ مراعات یافتہ طبقے سے تعلق رکھتے ہیں لہٰذا انہیں چھیڑتے ہوئے جناب محمد اورنگ زیب کے پر جلتے ہیں مگر سرکاری ملازمین جنہوں نے اپنی زندگی کے پینتیس سے چالیس سال حکومت کو دیے ہوتے ہیں وہ چونکہ شودر طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے جناب وزیرِ خزانہ کو بوجھ لگ رہے ہیں۔ خود وزیرِ خزانہ بھی ملک کو کروڑوں روپے ماہانہ میں پڑ رہے ہوں گے۔

آپ عوام کے خادم، نہ بکنے والے نہ جھکنے والے غیور نمائندوں یعنی ایم پی ایز، ایم این ایز اور سینیٹرز کی مراعات دیکھیں تو لگتا ہے ہم آئی ایم ایف سے بھیک کی طرح قرض مانگنے والا ملک نہیں ہیں بلکہ آئی ایم ایف ہمارا مقروض ہے۔ ماہانہ مشاہرہ، لاکھوں کا ماہانہ ٹی اے، ڈی اے بل، مفت ہوائی جہاز اور ریل کی ٹکٹیں جنہیں استعمال نہ کرنے پر نقدی کی صورت میں معاوضہ، مفت پٹرول، بجلی، ٹیلیفون اور گیس کی دستیابی۔ ہزاروں کی تعداد میں ان کے سیکورٹی گارڈز، ان کے منشیوں تک سب کو درج بالا سہولیات مفت حاصل ہیں۔ اس کے علاوہ پروٹوکول کے نام پر وزراء کے لیے سینکڑوں گاڑیاں، کچن کے نام پر ماہانہ کروڑوں کے اخراجات، بیرونِ ملک درجنوں افراد ساتھ لے کر سیر سپاٹے، درجنوں افراد کو ساتھ لے جا کر سرکاری حج وہ بھاری پتھر ہیں جو معیشت کی ناتواں کشتی پر پہاڑ بن کر لدے ہوئے ہیں۔ اس پہاڑ کے مقابلے میں سرکاری پنشنرز کی حیثیت محض اس شاپر جیسی ہے جس میں محض ہوا بھری ہوئی ہے جس سے وہ پھولا ہوا نظر آ رہا ہے۔ اس شاپر کا حجم جناب وزیرِ خزانہ کو نظر آ رہا ہے مگر اس کے وزن کا انہیں بالکل بھی اندازہ نہیں۔

کرنے کا کام یہ نہیں کہ قلیل تنخواہ کے بدلے ساری زندگی حکومت کو دینے والے ملازمین کو بڑھاپے میں بے یار و مددگار چھوڑ دیا جائے بلکہ اصل کام ان جونکوں سے جان چھڑانا ہے جو ملکی خزانے کو دن رات چوس رہی ہیں۔ آپ پی سی بی کو دیکھ لیں۔ لاکھوں روپے ماہانہ معاوضے پر فارغ رہنے کے لیے لوگوں کو کنٹریکٹ دیے گئے ہیں۔ یہ سیاسی رشوت کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ پی سی بی کے ہوش ربا اخراجات دیکھیں اور ناقص کارکردگی دیکھیں۔ سوئی ناردرن اور سدرن گیس کے سربراہان، چیئرمین واپڈا اور اس جیسے دیگر کئی محکموں کے سربراہان ماہانہ ایک کروڑ روپے فی کس سے زیادہ میں پڑ رہے ہیں۔ مگر جناب وزیرِ خزانہ چند ہزار روپے فی کس ساری زندگی کی خدمات کا صلہ پانے والوں کو بوجھ قرار دے رہے ہیں۔

آپ وفاقی کابینہ ہی کو دیکھ لیجیے، وزیر مشیر اور اس سے زیادہ سٹینڈنگ کمیٹیوں کے چیئرمین۔ ہر ایک کا دفتر، پروٹوکول، گاڑیوں اور دیگر سہولیات پر ماہانہ خرچہ ایک کروڑ سے بھی زیادہ۔ ہمارے ہاں تو بے محکمہ وزیر بنائے جانے کا بھی رواج ہے۔ ملکی خزانے کو امانت سمجھ کر نہیں لوٹ کا مال سمجھ کر مراعات یافتہ طبقے پر لٹایا جاتا ہے مگر بوجھ معمولی پنشن لینے والوں کو سمجھا جا رہا ہے۔ ایک سروے کے مطابق بجلی کی پیداوار کا 33 فیصد لائن لاسز اور مفت بانٹنے میں خرچ ہو جاتا ہے۔ مگر کوئی بھی حکومت اتنے بڑے نقصان پر قابو پانے کے لیے کبھی سنجیدہ نہیں ہوئی۔ ہر ماہ لاکھوں لٹر تیل حکومتی خزانے پر جانے کیوں بوجھ نہیں لگتا۔ مال مفت کو بے رحمی سے لوٹا جا رہا ہے مگر اس پر کوئی قدغن نہیں لگائی جاتی۔

گزشتہ سال یہ انہونی بھی ہو چکی ہے کہ رمضان بازاروں میں "شاندار" کارکردگی دکھانے والوں اور بجٹ 2024-2023 کے موقع پر کام کرنے والے ملازمین کو اضافی تنخواہوں سے نواز کر ملکی خزانے کا بوجھ ہلکا کیا گیا۔ گزشتہ جون میں 4 تنخواہیں وصول کرنے والوں میں سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری خوراک، سیکرٹری ایمپلی مینٹیشن اینڈ کوارڈینیشن شامل ہیں۔ رمضان پیکج کے دوران 352 افراد نے تین، تین تنخواہیں وصول کیں جن میں چیف سیکرٹری پنجاب، آئی جی پنجاب، نو ڈویژن کے کمشنرز، سی سی پی او، آر پی او، اور 36 اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی اوز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز شامل ہیں۔

یاد رکھیے! پنشن صرف چند ہزار روپے نہیں ہوتے۔ یہ پنشنرز کی عزتِ نفس کو محفوظ رکھنے کا ایک ذریعہ ہوتے ہیں۔

ساٹھ سال سے اسی سال کی عمر تک کے یہ بزرگ عمر کے اس حصے میں کوئی بھی کام کرنے کے قابل نہیں ہوتے۔ عمرِ عزیز کا سنہرا دور یہ حکومت کی نذر کر چکے ہوتے ہیں۔ بال بچوں کی شادیاں ہو چکی ہوتی ہیں۔ نواسے نواسیاں اور پوتے پوتیاں جب اپنے والدین کے ساتھ ان کے پاس رہنے کے لیے آتے ہیں تو اخراجات بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔ بیٹیوں کو خالی ہاتھ رخصت بھی نہیں کیا جاتا۔ یہ لوگ برادری کے سربراہ بن چکے ہوتے ہیں۔ رشتے داروں کا آنا جانا لگا رہتا ہے جو اخراجات کا متقاضی ہے۔ برادری میں بیاہ شادی، خوشی غمی کے موقع پر بھی انہیں جانا پڑتا ہے جو اضافی اخراجات کا موجب ہے۔ بڑھاپا بذاتِ خود ایک مرض ہے اور اپنے ساتھ کئی بیماریاں لے کر آتا ہے۔ ادویات کی قیمتیں آسمانوں پر اور ڈاکٹروں کی فیسیں آسمانوں سے بھی اوپر جا چکی ہیں۔ پنشنرز کو بوجھ نہ کہیں۔ ان کے حالات کو سمجھیں۔ ملکی معیشت پر پنشنرز بوجھ نہیں ہیں۔ قابض اشرافیہ معیشت کے لیے بھاری بوجھ بنی ہوئی ہے۔ معیشت کی کشتی میں پڑا ہوا اصل بوجھ اشرافیہ کا بھاری پتھر ہے۔ آپ معمولی سے شاپر کو بوجھ سمجھ رہے ہیں۔

دعا کی اہمیت

تحریر۔۔رابعہ رحمان

اللہ تعالیٰ نے انسان کو باحسن تقویم پیدا فرمایا۔ اسے اشرف الخلوقات بنایا اور اس پر بے پایاں روحانی اور مادی عنایات فرمائیں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ظاہری و باطنی صلاحیتوں کے سبب انسان کائنات کی تسخیر میں تا حال مگن رہا ہے۔ لیکن یہی انسان ہر ہر گھڑی اللہ تعالیٰ کی عنایات اور دستگیری کا اس حد تک محتاج ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نظر کرم کے بغیر اس کی کوئی ہستی ہی نہیں اگر اس کائنات کی تسخیر کرنے والے انسان کو چند ساعتوں کے لئے ہوا سے یا پانی سے یا کسی ایسی ہی اور نعمت سے محروم کر دیا جائے۔ اگر رحمٰن و رحیم کی نظر کرم ہر ہر آن اسے سہارا نہ دیئے رکھے تو اسکی ہستی ہی مٹی کے ڈھیر میں تبدیل ہو جائے۔ انسان کی زندگی تو بس سانس کی آمد و شد پر موقوف ہے جس طرح انسان مادی طور پر اللہ تعالیٰ کا اس حد تک محتاج ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے پیدا نہ فرماتے تو وہ عدم سے وجود میں نہ آتا۔ اسی طرح اس سے کہیں زیادہ یہی انسان روحانی طور پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کا محتاج ہے۔ سب سے نمایاں حقیقت جو انسان کی زندگی سے (بلکہ کائنات کی ہر شے سے) واضح ہو جاتی ہے وہ اسکی احتیاجی اور نیاز مندی ہے۔ تضرع، عجز، تذلل اور خشوع وخضوع کے ساتھ اس محتاجگی کے اظہار کا نام دعا ہے۔ دعا کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کے حضور جو کچھ خیر و بھلائی ہے اس کی طرف رغبت کرنا اور عاجزی کے ساتھ اس کے سامنے بھیک مانگنا۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے (دعا ہی عبادت ہے) اور دعا عبادت کا مغز ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عبادت بغیر دعا کے برقرار نہیں رہ سکتی۔ اس طرح کہ انسان بغیر مغز کے قائم نہیں رہ سکتا۔ جس طرح مغز انسان کے جسم کا اہم ترین حصہ ہے اسی طرح دعا بھی عبادت کا جزء عظیم اور اصل جان ہے۔ تمام عبادتوں میں سے ایک دعا ہی ایسی عبادت ہے جس کے لئے کوئی جگہ، دن یا وقت مقرر نہیں بلکہ ہر لحہ ہر گھڑی مانگنے کی اجازت ہے۔ سیرت النبی پر ایک نظر ڈالیں لگتا ہے کہ آپ کی حیات طیبہ کا کوئی لمحہ ایسا نہ تھا جو دعا سے خالی گزرا ہو۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق صحیح احادیث میں ثابت شدہ دعاؤں کی تعداد سات سو کے لگ بھگ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اہل ایمان کو مختلف واقعات کے حوالے سے ستر سے زائد دعائیں سکھلائی ہیں اس سے دعا کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اور اس کے ہونٹ میرے ذکر کے ساتھ ہلتے ہیں۔

قرآن مجید میں بہت سے مقامات پر جہاں مشرکین کے شرک کا بیان ہے وہاں دعا کا لفظ استعمال کیا گیا ہے چنانچہ یہ بات طے ہوئی کہ عبادت کی اصل اور بنیاد دعا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول نے جن جن عبادات کو فرض قرار دیا مثلاً نماز روزہ حج اور زکوٰۃ ان کا بیشتر حصہ دعاؤں پر مشتمل ہے۔ فرائض کے علاوہ واجبات اور نوافل میں بھی دعائیں ہی دعائیں ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کی زندگی کا ہر سانس ذکر و دعا پر معمور تھا کیونکہ رسول اللہ نے فرمایا۔ اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز عزت والی نہیں۔ سوال نہ کرنے والے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔

زندگی کی ہر ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ہم اسباب و وسائل ڈھونڈتے ہیں ہم مختلف اشیا کو ان کی صفات مخصوصہ کی وجہ سے استعمال میں لاتے ہیں۔ سردی لگ رہی ہو تو آگ کا استعمال کرتے ہیں اور پیاس ہو تو پانی پیتے ہیں لیکن ہمارا ایمان ہے کہ آگ میں گرمی کی صفت اور پانی میں پیاس بجھانے کی صفت اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہے۔ اگر وہ چاہے تو آگ اور پانی کو ان صفات سے محروم کر دے۔ جب تک وہ چاہے گا آگ میں گرمی اور پانی میں پیاس بجھانے کی صفت باقی رہے گی۔ تو معلوم ہوا کہ دراصل سردی آگ سے دور نہ ہوئی بلکہ آگ کو پیدا کرنے والے کی رحمت سے دور ہوئی پیاس پانی سے نہیں بجھائی بلکہ پانی کو پیدا کرنے والے نے بجھائی۔ آگ اور پانی کے استعمال سے کوئی ممانعت نہیں، ممانعت آگ اور پانی پر بھروسہ کرنے سے ہے۔ اسباب کی نفی نہیں بلکہ اسباب پر بھروسہ کرنے کی نفی مطلوب ہے۔ ہمارا ایمان اسباب پر نہیں بلکہ اسباب کو پیدا کرنے والے پر ہونا چاہیے۔ اس طرح جب ہم اس نتیجہ پر پہنچ گئے کہ (کائنات میں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی تصرف و اختیار رکھنے والا نہیں) تو اسباب سے پہلے مسبب یعنی اللہ تعالیٰ کو کیوں نہ پکارا جائے۔ رزق کی تلاش میں ہمارا پہلا قدم رزاق مطلق کے سامنے بھیک کے ہاتھ پھیلانا کیوں نہ ہو۔ صحت و تندرستی کی تلاش میں ڈاکٹروں کے ہاں جانے کی ممانعت نہیں لیکن اس سے پہلے شافی مطلق ڈاکٹروں کے خالق اور ادویات میں شفا کی تاثیر ڈالنے والے کے ہاں کیوں نہ رجوع کیا جائے۔ حکایت ہے کہ ایک بار محمود غزنوی نے ایک چھوٹی سی نمائش لگائی اور اس میں طرح طرح کی قیمتی چیزیں رکھ دیں اور یہ اعلان کیا کہ جو شخص جس پر ہاتھ رکھ دے گا۔ وہ اس کی ملکیت ہو جائے گی یہ سنتے ہی حاضرین اپنی اپنی پسند کی چیز کی طرف لپکے۔ مگر ایاز نے نعرہ لگایا کہ شاہ اپنے وعدے پر قائم رہے اور یہ کہتے ہوئے کہ اس نے محمود غزنوی کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا۔ ایاز نے چیزوں کی طرف توجہ نہ کی بلکہ چیزوں کے مالک کو اپنا بنا لیا۔ دعا مانگنے والے کا رویہ بالکل وہی ہوتا ہے جو ایاز کا تھا۔ وہ وسائل کی طرف نہیں بلکہ وسائل کو پیدا کرنے والے کی طرف رجوع کرتا ہے۔ وہ رزق کی طرف نہیں رزاق کی طرف، مخلوق کی طرف نہیں، خالق کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

میری زندگی میں کہیں نہ کہیں کچھ ادھورا رہ گیا ہے

منیشا کوئرالہ کا کینسر کے سبب ماں نہ بن سکنے پر گہرے دکھ کا اظہار



ممبئی (این این آئی) بھارت کی معروف سینئر اداکارہ منیشا کوئرالہ نے کینسر کے سبب ماں نہ بن سکنے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے، اداکارہ کا کہنا ہے کہ انہوں نے قدرت کے اس فیصلے کے ساتھ سمجھوتہ کر لیا ہے۔ کینسر سے جنگ جیتنے اور فلم انڈسٹری سے طویل عرصہ دور رہنے کے بعد اداکارہ منیشا کوئرالہ کو حال ہی میں نیٹ فلکس پر ریلیز ہونے والی سنجے لیلا بھنسالی کی سیریز 'ہیرا منڈی' میں دیکھا گیا ہے۔ اس سیریز میں انہوں نے 'ملیکا جان' کا مضبوط اور اہم کردار ادا کیا ہے۔ یاد رہے کہ منیشا کوئرالہ نے اپنی زندگی میں بہت سے اتار چڑھاؤ دیکھے ہیں۔

میں شادی کرنے کیلئے بیتاب ہوں، سوناکشی سنہا

ہماری سیریز ریلیز ہو کر کامیاب بھی ہو گئی لیکن میری ابھی تک شادی نہیں ہوئی

ممبئی (این این آئی) فلمساز سنجے لیلا بھنسالی کی ویب سیریز 'ہیرامنڈی: دی ڈائمنڈ بازار' میں فریدن کا کردار ادا کرنے والی معروف اداکارہ سوناکشی سنہا نے کہا ہے کہ وہ شادی کرنے کے لیے انتظار نہیں کر سکتیں۔ حال ہی میں ویب سیریز 'ہیرامنڈی: دی ڈائمنڈ بازار' کی مرکزی کاسٹ نے معروف بھارتی کامیڈین کپل شرما کے نیٹ فلکس شو 'دی گریٹ انڈین کپل شو' میں بطور مہمان شرکت کی تھی جہاں انہوں نے سنجے لیلا بھنسالی کے ساتھ کام کرنے کا اپنا تجربہ شیئر کیا۔ اسی گفتگو کے دوران، شو کے میزبان کپل شرما نے سوناکشی سنہا سے کہا کہ آپ کے ساتھ کی اداکارائیں جیسے عالیہ بھٹ اور کیارا اڈوانی شادی شدہ ہیں، تو آپ اس پر کیا کہنا چاہیں گی؟ کپل شرما کی بات سن کر سوناکشی سنہا نے کہا کہ آپ تو میرے زخموں پر نمک چھڑک رہے ہیں۔

میکال ذوالفقار اور فیروز خان پر کرش ہے، عنایہ خان

جس طرح کے ساتھی کی تلاش میں ہوں یہ بالکل اُس جیسے ہیں



کراچی (این این آئی) ڈراما سیریل 'میرے اپنے' سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ عنایہ خان نے شوبز انڈسٹری کے میں اپنے 'کرش' کے حوالے سے بتا دیا۔ ایک انٹرویو میں عنایہ خان نے بتایا کہ ان کے انسٹاگرام فالورز میں سے آدھے سے زیادہ لڑکے ہیں اور یہ بات انہیں انکے کزنز بتاتے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق وہ صرف لڑکیوں کے کمنٹس پڑھتی ہیں جب کہ وہ دیگر تبصروں کو نظر انداز کرتی ہیں۔ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ہونے والے تبصروں پر عنایہ خان نے کہا کہ انہیں ایسا کمنٹ بھی موصول ہوا

فلم اسٹارز کے ساتھ لوگوں کا سیٹ پر جانا وسائل کا زیاں ہے

ایک ایک اداکار اپنے ساتھ 9 سے کم لوگوں کو لیکر کسی سیٹ پر نہیں جاتا، فرح خان

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی سابق اداکارہ، فلم ڈائریکٹر، مصنفہ، پروڈیوسر اور ماہر فن رقص فرح خان نے کہا ہے کہ فلم اسٹارز کی جانب سے اپنے ساتھ مصاحبین کی فوج جمع کر کے لے جانا وسائل کا زیاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں اس طرح کے وفد (مصاحبین کی فوج) کے حوالے سے اخراجات کافی بڑھ گئے ہیں۔ انکے مطابق ایک ایک اداکار اپنے ساتھ 9 سے کم لوگوں کو لیکر کسی سیٹ پر نہیں جاتا۔ سالہ فرح خان نے کہا کہ بالی ووڈ کے نظام میں مثبت اور منفی دونوں قسم کی تبدیلی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچھی بات یہ ہے کہ اب انڈسٹری بہت زیادہ آرگنائز ہو گئی ہے۔

بیٹے کی مالی مشکلات سے متعلق کچھ معلوم نہیں، والد گروچرن سنگھ

ممبئی (این این آئی) لاپتہ اداکار گروچرن سنگھ کے والد ہرجیت سنگھ نے کہا ہے کہ انہیں اپنے بیٹے کی مالی حالت کے خراب ہونے سے متعلق کچھ نہیں پتہ اور نہ ہی اس نے کبھی ایسا کچھ بیٹے نے بتایا۔ مشہور سٹکام تارک مہتا کا الٹا چشمہ میں سوڈھی کا کردار نبھانے والے اداکار گروچرن سنگھ 22 اپریل سے لاپتہ ہیں۔ انہیں آخری مرتبہ نئی دہلی کے علاقے پالم میں دیکھا گیا، جبکہ والد نے بیٹے کے لاپتہ ہونے کی رپورٹ بھی پولیس کو درج کروائی۔ پولیس نے انہیں تلاش کرنا شروع کیا اور اس دوران مختلف زاویوں سے ہونے والی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی کہ لاپتہ گروچرن مالی مشکلات کا شکار تھے جبکہ یہ بھی انکشاف ہوا کہ وہ ایک دو نہیں بلکہ 10 بینک اکاؤنٹس چلاتے تھے۔

سیف علی خان نے بازو سے اہلیہ کرینہ کپور کے نام کا ٹیٹو مٹا دیا

یہ کرینہ کپور سے طلاق اور تیسری شادی کی تیاری ہے، صارفین

ممبئی (آئی آئی پی) بالی ووڈ کے معروف اداکار سیف علی خان عرف چھوٹے نواب کی حالیہ تصویر نے ہر ایک کی توجہ سمیٹ لی ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر سیف علی خان کی ممبئی ایئر پورٹ پر لی گئی ایک نئی تصویر خوب وائرل ہو رہی ہے۔ مذکورہ تصویر میں 53 سالہ اداکار کے بازو پر ایک نئے ٹیٹو نے 16 برس قبل گدوائے گئے اہلیہ و بھارتی اداکارہ کرینہ کپور کے نام کے ٹیٹو کی جگہ لے لی ہے۔ تصویر سوشل میڈیا کی زینت بننے کے بعد صارفین مختلف قیاس آرائیاں کر رہے ہیں۔

اداکاری کیلئے کارپوریٹ جاب چھوڑی، سوہا علی خان

میں نے اپنی ملازمت سے ملنے والی پہلی تنخواہ کا اپنی پہلی فلم سے موازنہ کیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی اداکارہ سوہا علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ اداکاری کا شوق پورا کرنے کیلئے کارپوریٹ سیکٹر کی جاب چھوڑی، لیکن ڈائریکٹر نے کسی اور اداکاروں کو اپنی فلم میں لے لیا۔ سابق کرکٹر منصور علی خان پٹودی اور سینئر اداکارہ شرمیلا ٹیگور کی صاحبزادی سوہا علی خان نے ایک یوٹیوب چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے اپنے کیریئر کے انتخاب سے متعلق گفتگو کی۔ اداکارہ نے اپنے کیریئر سے متعلق بات کرتے ہوئے بتایا کہ وہ تھیٹر میں بڑی ہونے والی بچی تھیں اور جانتی تھیں کہ میری ماں اور بھائی اداکار ہیں، مگر میں کچھ مختلف کرنا چاہتی تھی اور ایسا محسوس نہیں کرنا چاہتی تھی کہ میں اپنی والدہ اور بھائی کی نقل کر رہی ہوں، یا آسان راستہ اختیار کر رہی ہوں۔ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے سوہا علی خان نے کہا کہ لہٰذا میں نے کارپوریٹ سیکٹر میں کام کیا۔

سپورٹس SPORTS

ویمن کرکٹ کے فروغ کیلئے دن رات کوششیں جاری ہیں، تانیہ ملک

آئندہ بننے والی ٹیموں میں فیصل آباد ریجن کی ویمن کرکٹ ٹیم بھی ہوگی

کمو آنہ (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کی ہیڈ آف ویمن کرکٹ ونگ تانیہ ملک نے کہا ہے کہ ویمن کرکٹ کے فروغ کیلئے دن رات کوششیں جاری ہیں، فیصل آباد ریجن کی ٹیم کیلئے کام مکمل کر لیا گیا، آئندہ بننے والی ٹیموں میں فیصل آباد ریجن کی ویمن کرکٹ ٹیم بھی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جواد سپورٹس اینڈ کلچرل کمپلیکس کے دورہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے سینئر منیجر آف آپریشن ویمن ونگ ذغیم عباس بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے چیف ایگزیکٹو جواد سپورٹس اینڈ کلچرل کمپلیکس شیخ عماد افضل، جی ایم جواد کلب میاں ندیم اشرف، ہیڈ کوچ جواد کلب وکیٹر کیپر اقبال سٹیڈیم نوید نذیر اور میاں کاشف فرید کے ساتھ ملاقات کے بعد گراؤنڈ کا جائزہ لیتے ہوئے حمیدہ افضل ویمن کرکٹ ٹیم کی کھلاڑیوں سے تعارفی میٹنگ بھی کی۔ تانیہ ملک کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں ویمن کرکٹ کے فروغ کیلئے دن رات محنت کی جا رہی ہے اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی ہدایات کے مطابق نیشنل ویمن ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کرایا گیا جس کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔

نیشنل کپ ہاکی ٹورنامنٹ سے قبل پی ایچ ایف کا ٹیم کیلئے پلان مرتب

نیشن کپ کھیلنے سے قبل پاکستان ٹیم ہالینڈ جا کر انٹرنیشنل میچ کھیلے گی، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) نے پاکستان ہاکی ٹیم کا پلان مرتب کر لیا، نیشن کپ کھیلنے سے قبل پاکستان ٹیم ہالینڈ جا کر انٹرنیشنل میچ کھیلے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان اور ہالینڈ کے درمیان میچ 22 مئی کو کھیلا جائے گا، پاکستان ٹیم اس کے علاوہ ہالینڈ میں دو سے تین پریکٹس میچز بھی کھیلے گی۔ پریکٹس میچز کلب ٹیموں کے ساتھ ہوں گے۔ پاکستان ٹیم ہالینڈ سے پولینڈ کیلئے روانہ ہو جائے گی، پولینڈ میں نیشن کپ 31 مئی سے 9 جون تک کھیلا جائے گا۔ نیشن کپ میں پاکستان سمیت 9 ملکوں کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ پاکستان نے ایونٹ میں پہلی تین پوزیشن میں جگہ بنالی تو پرو لیگ کیلئے کوالیفائی کر جائے گا۔ پاکستان پول بی میں موجود ہے جہاں کینیڈا، فرانس اور ملائیشیا کی ٹیمیں شامل ہیں۔ پول اے میں آسٹریا، جنوبی کوریا، نیوزی لینڈ، پولینڈ اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں شامل ہیں۔



ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کیلئے قومی اسکواڈ کا اعلان آئندہ ہفتے متوقع

اسکواڈ کو حتمی شکل دینے کے لیے سلیکٹرز اور ٹیم منیجمنٹ نے سر جوڑ لیے

لاہور (این این آئی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کے لئے قومی ٹیم کا اعلان اگلے جمعرات تک کیے جانے کا امکان ہے۔ پاکستان میگا ایونٹ میں شریک واحد ٹیم ہے جس نے اپنے 15 رکنی اسکواڈ کا تاحال اعلان نہیں کیا، ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسکواڈ کو حتمی شکل دینے کے لیے سلیکٹرز اور ٹیم منیجمنٹ سوچ و بچار کر رہی ہے۔ 15 رکنی اسکواڈ اور تین ریزرو کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم کا اعلان انگلینڈ کے خلاف پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ کے بعد کیا جائے گا۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ پاکستان آئی سی سی کی جانب سے دی گئی ڈیڈ لائن 24 مئی تک اسکواڈ کا اعلان کرے گا۔ مسٹری اسپنر ابرار احمد کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لئے اسکواڈ میں شامل ہونے کا امکان ہے جبکہ آغا سلمان اور حسن علی کو ریزرو کھلاڑیوں کے طور پر رکھا جا سکتا ہے۔

آئرلینڈ کے خلاف سیریز سے کارکردگی میں بہتری آئی

آنے والی سیریز میں بھی آپ کو مثبت ارادے نظر آئیں گے، بابر اعظم



ڈبلن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ آئرلینڈ کے خلاف سیریز سے کارکردگی میں بہتری آئی۔ اپنے ایک بیان میں بابر اعظم نے کہا ہے کہ پہلے میچ کے بعد ٹیم کی بیٹنگ میں کافی بہتری آئی، انفرادی کارکردگی میں رضوان اور فخر نمایاں رہے۔ بابر اعظم نے کہا ہے کہ لوئر آرڈر میں افتخار اور اعظم خان کی بیٹنگ خوش آئند ہے، آنے والی سیریز میں بھی آپ کو مثبت ارادے نظر آئیں گے۔ کپتان نے کہا کہ بولنگ میں پہلے میچ کے بعد سینئر بولرز نے ذمہ داری لی۔ عماد وسیم مشکل صورتحال میں بہت اچھی بولنگ کر رہے ہیں، جو بھی پلان ہے اس پر اب عمل درآمد ہو رہا ہے۔

انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن نے نئی رینکنگ جاری کر دی

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن نے نئی رینکنگ جاری کر دی۔ عالمی رینکنگ میں ہالینڈ پہلے، بیلجیم دوسرے اور آسٹریلیا تیسرے نمبر پر ہے، اذلان شاہ کپ کا فائنل ہارنے کے بعد پاکستان کی ایک درجہ تنزلی، پاکستان ٹیم رینکنگ میں 15 ویں سے 16 ویں نمبر پر آ گئی۔ دوسری جانب اذلان شاہ ہاکی کپ جیتنے پر جاپان عالمی رینکنگ میں 16 ویں سے 15 ویں پوزیشن پر آ گیا۔ واضح رہے کہ جاپان نے پاکستان کو اذلان شاہ ہاکی کپ کے فائنل میچ میں شکست

پاکستان کو ویسٹ ایشیاء بیس بال کپ کی میزبانی مل گئی

وینیو اور تاریخوں کا اعلان جلد ہوگا، بیس بال فیڈریشن

لاہور (این این آئی) پاکستان کو ویسٹ ایشیاء بیس بال کپ کی میزبانی مل گئی۔ ایونٹ کی میزبانی کی تصدیق بیس بال فیڈریشن آف ایشیاء کے اجلاس میں کی گئی۔ سیکرٹری پاکستان بیس بال فیڈریشن سید فخر علی شاہ کے مطابق ایونٹ کی میزبانی ملنا پاکستان پر بھرپور اعتماد کا اظہار ہے، ایونٹ اکتوبر میں کرانے کا ارادہ ہے، وینیو اور تاریخوں کا اعلان جلد ہوگا۔ سید فخر علی شاہ نے مزید کہا کہ ایونٹ میں بھارت، سری لنکا، نیپال، عراق، افغانستان اور سعودی عرب کی ٹیمیں شریک ہوں گی، فلسطین اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں بھی ایونٹ میں حصہ لیں گی۔

رات کو 10 بجے کے بعد کسی سے بات نہیں کرتا، رونالڈو

لزبن (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے انکشاف کیا ہے کہ وہ رات کو 10 بجے کے بعد کسی سے بات نہیں کرتے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں انکشاف کیا کہ میں نے کسی بھی طرح کے ذہنی تناؤ سے دور رہنے کے لیے ایک عادت بنائی ہے اور وہ یہ ہے کہ میں رات 10 یا 11 بجے کے بعد بات نہیں کرتا۔

امریکا میں جو کنڈیشن سمجھے گا اس کو فائدہ ملے گا، شعیب ملک

اگر انگلینڈ سے سیریز جیتتے ہیں تو ورلڈ کپ کیلئے اعتماد ملے گا، سابق کپتان

نیویارک (این این آئی) سابق کپتان قومی کرکٹ ٹیم شعیب ملک نے کہا ہے کہ امریکا میں پہلی بار میچ ہوگا، جو کنڈیشن سمجھے گا اس کو فائدہ ملے گا۔ نیویارک کے کرکٹ اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب ملک نے کہا کہ پاکستان ٹیم سے اچھی توقعات ہیں، انہوں نے ابھی سیریز جیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی کھلاڑی ابھی اچھی فارم میں بھی ہیں، آغاز اچھا کریں گے تو فائدہ ہوگا۔ لگتا ہے ٹیم آگے تک جائے گی۔ شعیب ملک نے کہا کہ اگر انگلینڈ سے سیریز جیتتے ہیں تو ورلڈ کپ کیلئے اعتماد ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ عماد وسیم اور محمد عامر کا ٹیم میں ہونا پاکستان کیلئے اچھا ہے، ٹیم کو زیادہ سے زیادہ اعتماد دیں، ایونٹ میں ہار جیت ہوتی ہے۔ سابق کپتان نے کہا کہ امریکا میں پہلی بار میچ ہوگا۔ جو کنڈیشن سمجھے گا اس کو فائدہ ملے گا۔

بقیہ 1
سے ٹیلیکمیونیکیشن کے نظام میں سنگین خلا پیدا ہوتے ہیں اور جو کہ جانبدارانہ تجارت کا ذریعہ ہے۔ دوسرے نمبر پر اشیا کی محدود ٹیکس بیس کے اندر ترجیحی ٹیکس سپلائیز اور ٹیکس استثنٰی کی طویل فیاضانہ فہرستیں موجود ہیں۔ تیسرے نمبر پر وفاقی سیلز ٹیکس کا نظام برائے اشیا ایسا ہے، جس کا انتظام کرنا اور اس پر عملدرآمد کرنا مشکل ہے اور اس کی وجہ بہت بڑی تعداد میں قابل نفاذ ٹیکس کی غیر معمولی تعداد ہے۔

بقیہ 2
لئے سنجیدہ اقدامات اٹھائیں۔ ترجمان کے پی حکومت نے مزید کہا کہ انتخابات میں عوام نے فیصل کریم کو بری طرح مسترد کیا، وہ تین بار علی امین گنڈاپور سمیت تینوں بھائیوں سے بدترین شکست کھا چکے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ تین بار مسترد شدہ آدمی کے منہ سے علی امین گنڈاپور کے خلاف باتیں کرنا اچھی نہیں لگتی ہے، نا اہل کنڈی عوامی خدمت کرتے تو عوام ان کو بار بار مسترد نہ کرتے۔ ان کا کہنا تھا کہ علی امین کو عوام نے اپنی خدمت کے لئے منتخب کیا ہے، نااہل کنڈی عوام کی خدمت کی راہ میں رکاوٹ نہ بنیں۔ وہ بیان بازی سے باز آجائیں اور وفاق سے بقایا جات واپس لینے میں گنڈاپور کی مدد کریں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ اگر کنڈی اپنے کرتوتوں سے باز نہ آئے تو عوام انھیں گورنر ہاس سے باہر پھینک دیں گے۔

بقیہ 3
ملزم رضوان نے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ دشمنی کی بناء پر فائرنگ کر کے شہری افضال کو قتل کر دیا تھا

بقیہ 4
اسمگلنگ مہم کے سلسلے میں پسنی کے جنرل ایریا زیکو کپر پوسٹ کے شمال مغرب میں سرچ آپریشن کے دوران اعلی کوالٹی کی 2052 کلوگرام چرس کے 187 بیگ برآمد کیے۔ ترجمان کا بتانا ہے کہ یہ آپریشن انتہائی مشکل اور نا قابل رسائی پہاڑی علاقے میں انجام دیا گیا جبکہ پکڑی جائے والی منشیات کی عالمی منڈی میں قیمت 34.241 ملین ڈالر کے لگ بھگ ہے، شبہ ہے کہ یہ منشیات بیرون ملک اسمگل کی جانی تھی۔ دوسری جانب اوتھل چیک پوسٹ پر معمول کی چیکنگ کے دوران کوئٹہ سے کراچی آنے والی مسافر کوچ سے 3595 کلو گرام ممنوعہ چھالیہ برآمد کی گئی، جس کو قبضے میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 5
کاکروچز کی بھرمار پائی گئی۔ عاصم جاوید نے کہا پنجاب فوڈ اتھارٹی لائسنس کے بغیر خوراک کا کاروبار کیا جارہا تھا، ایکسپائرڈ ٹی وائٹنر کا استعمال انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ثابت ہوتا ہے، ایکسپائرڈ ٹی وائٹنر کی تاریخ تنسیخ تبدیل کر کے دوبارہ سپلائی کے لئے تیار کیا جارہا تھا۔ انہوں نے کہا خوراک کا کاروبار پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مقرر کردہ قوانین کے مطابق ہی کیا جاسکتا ہے، جعلسازوں کیخلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں، جڑ سے خاتمہ اولین ترجیح ہے، خرید سے قبل لیبل پڑھنے کی عادت اپنائیں۔

بقیہ 6
حادثے میں مرنے والے چندری گڑھ اور پنجاب کے رہنے والے بتائے جارہے ہیں، جبکہ متاثرہ بس میں تقریبا 60 افراد سوار تھے۔ ان میں بچے اور خواتین بھی شامل تھیں۔ مقامی افراد نے میڈیا کو بتایا کہ رات گئے انہوں نے دیکھا کہ چلتی ہوئی بس میں آگ لگی ہوئی ہے، ایک نوجوان نے بائیک پر بس کا پیچھا کیا اور اپنی بائیک بس کے آگے روک کر اسے رکوایا۔ فائر بریگیڈ کو طلب کیا گیا جب تک بہت دیر ہو چکی تھی، ایمبولینس اور دیگر گاڑیوں کی مدد سے آگ میں جھلسنے والے افراد کو قریبی اسپتال میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 7
کہ آنے والے فیڈرل بجٹ میں تمباکو ٹیکس کو کم از کم 26 فیصد بڑھایا جائے۔ پاکستان کو عمومی طور پر تمباکو کی استعمال میں ایک بڑا چیلنج کا سامنا ہے، جس میں 31.9 ملین بالغ افراد شامل ہیں جو 15 سال سے زیادہ عمر کے ہیں اور جنہیں تمباکو کے صارفین کی شناخت دی گئی ہے، جو ان کی عمر کی 19.7 فیصد ہے۔ سگریٹ سے متعلق بیماریاں سالانہ 160,000 سے زیادہ جانیں لیتی ہیں، جو ملکی جی ڈی پی کا 1.6 فیصد ہیں۔ البتہ، مالی سال 2022-23 میں سگریٹ ٹیکس صرف ان اخراجات کا 16 فیصد کا حصہ تھا، جو 2019 میں 19.5 فیصد سے کم ہے۔ ڈاکٹر خلیل احمد، پروگرام مینیجر سپارک نے کہا کہ سگریٹ کی قیمت کم ہونے کی وجہ سے یہ زیادہ لوگوں کو متاثر کرتا ہے کہ وہ سگریٹ پینا شروع کریں یا صحت کے معروف خطرات کے باوجود عادت کو جاری رکھیں۔

بقیہ 8
ہے، بتائیں ان کی سوچ کیا ہے، ان کی ایک ہی سوچ ہے گالیاں دو، الزامات لگا دو، جھوٹ بولو، پی ٹی آئی نے اپنے ورکروں کو بھی یہی ترغیب دے رکھی ہے کہ جھوٹ بولو اور الزام لگاؤ۔

بقیہ 9
اراکین اور وزرا کو زبردستی روکا اور تصاویر بنانے کی خواہش کی۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے اس حوالے سے سپیکر سے شکایت بھی کی تھی۔

بقیہ 10
پولیس نے ملزم لطیف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، دھمیال پولیس نے ملزم اکثر علی سے 1 خنجر اور ملزم وقاص سے 1 چاقو برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے

بقیہ 11
تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتولہ کے والد کی مدعیت میں رواں سال درج کیا گیا تھا، کہوٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم محسن کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم محسن نے ساتھیوں کے ہمراہ لڑائی جھگڑے کی بناء پر آہنی مکوں اور لوہے کے راڈ کے وار سے شہریوں عاصم سعید، شعیب اور قاسم کو زخمی کر دیا تھا، دوران علاج معالجہ شہری عاصم سعید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے چچا کی مدعیت میں گزشتہ سال تھانہ کہوٹہ میں درج کیا گیا

بقیہ 12
ہیلتھ نے شمولیت اختیار کی۔ ریسکیو 1122 کے جوان رات بھر موک ایکسر سائز کی تیاری میں مصروف عمل رہے۔ ڈپٹی کمشنر ساہیوال صائمہ علی، ایڈیشنل کمشنر ریونیو نے موقع پر پہنچ کر تمام انتظامات کا بغور جائزہ لیا۔ تمام متعلقہ اداروں نے اپنے وسائل کو ظاہر کرنے کیلئے بہترین طریقے سے نہر کنارے سٹال لگائے۔ ریسکیو 1122 کے جوانوں نے کشتیوں کو نہر میں ڈال کر ڈوبے ہوئے لوگوں کی جانوں کو بچانے کا عملی مظاہرہ کیا۔

بقیہ 13
ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت عثمان، حسنین اور عرفان کے نام سے ہوئی، ملزمان سے چوری شدہ 4 موٹر سائیکل، بیٹری اور اسلحہ برآمد ہوا

بقیہ 14
کلو 600 گرام چرس، ملزم احتشام سے 620 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم نعمان سے 1 کلو 260 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم اکبر خان سے 1 کلو 540 گرام چرس، آراے بازار پولیس نے ملزم عاقب سے 160 گرام چرس، کہوٹہ پولیس نے ملزم وقاص سے 10 لیٹر شراب، ملزم یاسر سے 10 لیٹر شراب، سٹی پولیس نے ملزم علی سے 5 لیٹر شراب، پیرودھائی پولیس نے ملزم عرفان سے 2 بوتل شراب اور ملزم شیراز سے 2 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

بقیہ 15
شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کئے

بقیہ 16
چوہان، چوہدری بلال عارف بھی موجود تھے۔ ایڈوائزر محتسب ضلع جہلم اشفاق احمد رانا نے نئے قبرستان میں پودا لگایا اور قبرستان کا دورہ کیا اور قبرستان کمیٹی کے کام کو سراہا۔

بقیہ 17
میونسپل کمیٹیوں کے سی اوز اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اور اب پروگرام کے تحت اب تک کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

بقیہ 18
کہا کہ آئی ٹی کی مدد سے تعلیم، ہنر، روزگار کے مواقع بڑھا کر مساوی ترقی یقینی بنائی جاسکتی ہے، وزیراعظم کے وژن کے مطابق حکومت ترجیح بنیادوں پر تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملکر آئی ٹی کے فروغ کیلئے کام کر رہی ہے، نیشنل ڈیجیٹل فریم ورک کے تحت قانون سازی کی طرف جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا وژن ہے کہ ملک کے کونے کونے میں انٹرنیٹ، سمارٹ فون، ڈیوائسز اور فائبر آپٹیکل کی سہولیات کو یقینی بنائے۔

بقیہ 19
جج جسٹس منصور علی شاہ کے دورہ امریکا کے باعث جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس کا حلف اٹھایا۔

بقیہ 20
ٹاؤن، گرین انکلیو، اور رواٹ انکلیو موضع بگہ شیخاں اور موضع گڑھا برتھا رواٹ راولپنڈی اور مین کلر سیداں روڈ شامل ہیں کو نشانہ بناتے ہوئے آپریشن کیا۔ آپریشن کرتے ہوئے سائٹ دفاتر، کنٹینرز، باؤنڈری والز، کرب سٹونز اور پلاٹ ڈیوائیڈرز کو سر بمہر اور مسمار کر دیا ہے۔

بقیہ 21
ایمونیشن، دھمیال پولیس نے ملزم اکثر علی سے 01 خنجر اور ملزم وقاص سے 01 چاقو برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 22
پر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں ہیٹ سٹروک سے بچاؤ کے لیے ٹینٹ لگانے اور اس میں لوگوں کی بیٹھنے جگہ کے ساتھ ہوا اور ٹھنڈا پینے کا پانی رکھا جائے گا۔

بقیہ 23
ہیں، کیلریوں اور لفٹس کے پاس بھی یوٹیوبرز اور موبائل لے کر کیمرے والے جلوس کی شکل میں کھڑے ہوتے ہیں جن کا کوئی اتہ پتہ نہیں ہوتا کہ انہیں کون لایا ہے

بقیہ 24
کمیٹی کا اجلاس جلد از جلد بلوانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں، پنجاب بھر میں 19536 اساتذہ اور 822 کلیریکل سٹاف کو ترقیاں دینے کیلئے لسٹیں تیار کر لی گئی ہیں ان میں راولپنڈی کے 688 اساتذہ اور 15 کلیریکل سٹاف بھی شامل ہے، محکمہ تعلیم میں سکیل 1 سے لیکر 20 تک اساتذہ کی 14851 آسامیاں خالی ہیں، پنجاب بھر میں 203 سکولوں پر قبضہ کی نشاندہی بھی کی گئی ہے جبکہ 3940 سکولوں کی عمارتوں کا خطرناک قرار دے دیا گیا جبکہ 1427 سکولوں کی عمارتوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے جو چھوڑ دی گئی ہیں، ان اساتذہ کو ترقی دیکر خالی آسامیوں پر تعینات کیا جائے گا۔

بقیہ 25
تمام متعلقہ ریونیو سٹاف شامل ہوا۔ ایم ڈی واسا نے اس موقع پر کہا کہ واسا ایک اپنے زرائع سے چلنے والا ادارہ ہے اور ہم اپنے تمام اخراجات اپنے وسائل سے پورے کرتے ہیں اس لیے ریونیو ریکوری میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایم ڈی واسا کا افسران کو تمام نادہندگان سے بقایا جات کی سوفی صد ریکوری کا خصوصی الٹی میٹم دیا۔ اور ریونیو ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹرز کو نادہندگان کے کنکشنز فی الفور منقطع کرنے کے احکامات دیے

بقیہ 26
بھائی کی مدعیت میں گزشتہ سال تھانہ صدر بیرونی میں درج کیا گیا تھا، ملزم کے دوساتھیوں توقیر اور امیر مختار کو قبل ازیں گرفتار کر کے چالان کیا جاچکا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 27
کمپنیوں کی طرف سے دی گئی مالی سال 2025 کے مجموعی پاور پرچیزنگ پرائس (پی پی پی) کی قیمت میں 4.40 روپے سے 6 روپے تک اضافے کی درخواست پر 23 مئی کو عوامی سماعت طلب کی ہے۔ پاور سیکٹر کے کمرشل ایجنٹ کے طور پر کام کرنے والے سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے مالی سال 2025 کے دوران فروخت ہونے والی بجلی کے لیے 7 مختلف منظرنامے پیش کیے ہیں

بقیہ 28
کے امور پر بریفنگ دی۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے پلس پراجیکٹ کے تحت لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کی جارہی ہے، پنجاب کے تمام موضع جات کی آنر بیسڈ ڈیجیٹلائزیشن کی جائے گی، پارٹیشن آف لینڈ اور پارسل ڈاکومنٹ کے ذریعے ریونیو سسٹم کو شفاف بنایا جائے گا۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ گورنمنٹ ہر طرح سے کلیئر پراپرٹی کو گرین ڈیکلیئر کرے گی، ایشوز والی لینڈ کو ییلو اور ریڈ ڈیکلیئر کیا جائے گا،

بقیہ 29
سلجھائیں۔

بقیہ 30
سے پاکستان، چین سفارتی تعلقات کے قیام کی 73 ویں سالگرہ کے سلسلے میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ باہمی تعلقات دونوں ممالک کی قیادت، حکومتوں اور عوام کی رہنمائی اور مشترکہ کوششوں سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ سی پیک میں خطیر سرمایہ کاری کے علاوہ 236000 ملازمتیں، 510 کلومیٹر ہائی ویز، 8000 میگاواٹ سے زیادہ بجلی اور 886 کلومیٹر کور ٹرانسمیشن نیٹ ورک لایا گیا ہے جب دلتے ہوئے بین الاقوامی منظرنامے کے باوجود ہماری آہنی دوستی اور جامع تعاون پروان چڑھی ہے، پاکستان کی پہلی قمری تحقیقات کو چین کے چانگ 6 کے ساتھ وینچانگ اسپیس لانچ سینٹر میں کامیابی کے ساتھ لانچ کیا گیا، جس سے خلائی تحقیق کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت ملی۔ ون چائنا اصول پر پاکستان کی ثابت قدمی کو سراہتے ہوئے قومی اتحاد کے حصول کے لیے چینی حکومت کی کوششوں کی مضبوطی سے حمایت کی اور کہا کہ چین اس معاملے پر پاکستان کے موقف کو سراہتا ہے۔

بقیہ 31

بقیہ 32
بات فائنل ہوگی، پالیسی سطح کے مذاکرات میں آئی ایم ایف کے ساتھ آئندہ کیلئے شرائط و اہداف فائنل کیے جائیں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق ایف بی آر ریونیو، نان ٹیکس آمدنی کے آئندہ مالی سال کے اہداف طے جائیں گے، پالیسی سطح کے مذاکرات کے اختتام پر نئے قرض پروگرام کیلئے معاہدہ ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ معاشی ٹیم نے آئندہ مالی سال کے دوران ایکسٹرنل فنانسنگ کا ابتدائی تخمینہ 22 ارب ڈالر تک لگایا ہے، پانڈا بانڈز کا اجرا آئی ایم ایف کیساتھ شیئر کردہ پلان میں شامل ہے۔ آئندہ مالی سال کے دوران حکومت کا ڈیڑھ ارب ڈالر سے زائد کے انٹرنیشنل سکوک بانڈز کے اجرا کا پلان ہے، دوست ممالک سے تقریبا 12 ارب ڈالر قرض رول اوور کروانا بھی آئی ایم ایف سے شیئر کردہ پلان کا حصہ ہے۔ وزارت خزانہ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ مالی سال کے دوران پانڈا بانڈز پہلی سہ ماہی کے دوران ہی جاری کیے جائیں گے، عالمی بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک سے نئی فنانسنگ بھی پلان میں شامل کی گئی ہے۔

بقیہ 33
کی پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ پاکستانی سفیر اور ان کی ٹیم کیلئے پاکستانیوں کی حفاظت انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان طلبہ کی حفاظت کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں۔

بقیہ 34
وزیراعظم شہباز شریف اکنامک ایڈوائزری کونسل کی سربراہی کریں گے، اکنامک ایڈوائزری کونسل میں جہانگیر ترین، ثاقب شیرازی، شہزاد سلیم شامل ہیں۔ جاری کردہ نوٹیفیکیشن کے مطابق مصدق ذوالقرنین، ڈاکٹر اعجاز نبی، آصف پیر، زیاد بشیر، سلمان احمد بھی ایڈوائزری کونسل کا حصہ ہیں۔

بقیہ 35
ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ مرنے والوں اور زخمیوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال نوشہرہ منتقل کر دیا گیا، مرنے والوں کی لاشیں قانونی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کی جائیں گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خوشاب کے قریب حادثے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا، محسن نقوی نے کہا کہ حادثے میں ایک ہی خاندان کے 13 افراد جاں بحق ہونے کا دلی دکھ ہے، جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 36
گے۔ یاد رہے کہ 15 مئی کو چیف جسٹس کی عدالت کے کاز لسٹ منسوخ ہونے کے باعث سماعت نہ ہوسکی تھی، آئندہ سماعت پر ایف آئی اے کے سپیشل پراسیکیوٹر حامد علی شاہ کے دلائل مکمل ہونے کا امکان ہے۔ پراسیکیوٹر کے دلائل مکمل ہونے پر بانی پی ٹی آئی کے وکیل جواب الجواب دلائل دیں گے۔

بقیہ 37
کرلی۔ ترجمان پاکستان کوسٹ گارڈز کے مطابق انٹیلی جنس ٹیم نے انسداد منشیات اور اینٹی اسمگلنگ مہم کے سلسلے میں پسنی کے جنرل ایریا زیکو کپر پوسٹ کے شمال مغرب میں سرچ آپریشن کے دوران اعلی کوالٹی کی 2052 کلوگرام چرس کے 187 بیگ برآمد کیے۔

بقیہ 38
کم عمری شادی بارے پیغام گھر گھر پہنچانے بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچیوں کو کم از کم انٹرمیڈیٹ تک تعلیم حاصل کرنی چاہیے تاکہ انہیں زندگی گزارنے، رشتے نبھانے اور زندگی کے مسائل حل کرنے کا شعور آئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آبادی کی بڑھتی ہوئی رفتار سے پاکستان دنیا کا آبادی کے لحاظ سے پانچواں ملک ہے اور اس کی وجہ کم عمری کی شادی کا رجحان ہے۔ کم عمری کی شادی کے حوالے سے کنسلٹنٹ قیصرہ اسماعیل نے کہا کہ ایک صحتمند ماں ہی صحتمند معاشرہ تخلیق کرتی ہے اور اس کے لیے ضروری ہے کہ بچیوں کی کم سنی میں شادی سے پرہیز کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں کم پڑھے لکھے خاندانوں میں بچیوں یا بچوں کی شادی بہت کم عمر میں کرنے کا رواج ہے جس سے والدین اور کم سن میاں بیوی دونوں صحت و معیشت کے متعدد مسائل کا شکار رہتے ہیں۔

بقیہ 39
ہاس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ علی امین گنڈاپور ہوائی فائرنگ کر رہا ہے اسے کرنا کچھ نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی سے اسٹیبلشمنٹ بات کرتی ہے تو کرے ہم نے کب روکا ہے، ان کا جھگڑا شروع سے ہی اسٹیبلشمنٹ سے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اپنے دور حکومت میں اپوزیشن کو ختم کرنا چاہتی تھی، جب ان کا اسٹیبلشمنٹ نے ساتھ نہ دیا تو کہنے لگے میر جعفر، میر صادق ہیں، پی ٹی آئی کا جھگڑا یہی ہے اسٹیبلشمنٹ مداخلت کرے۔

بقیہ 40
میں 60 ہزار افراد کی اموات ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق ٹائیفائیڈ، ڈائریا اور ٹی بی کا باعث بننے والے بیکٹیریا میں اینٹی بائیوٹک ادویات کے خلاف مزاحمت پیدا ہوگئی ہے، 2019 میں اس بیکٹیریا کی وجہ سے 13 لاکھ افراد کی ہلاکت ہوئی تھی۔ عالمی ادارہ صحت کا کہنا ہے کہ اینٹی بائیوٹک ادویات کا بے تحاشا استعمال ان ادویات کو بیکٹیریا کے خلاف غیر موثر کر رہا ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے اینٹی بائیوٹک ادویات کے خلاف مزاحمت رکھنے والے 15 بیکٹریا کی نئی لسٹ جاری کر دی ہے۔

بقیہ 41
میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ شہباز شریف کی بطور صدر کی خدمات کو سراہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی صدر کے الیکشن کے لیے رانا ثنا اللہ کو چیف الیکشن کمشنر منتخب کیا گیا ہے، پارٹی کے جنرل سیکرٹری کے لیے میرا نام آیا تو اس کا مجھے علم نہیں۔ خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمن بڑے بھائی ہیں ان سے پیار و محبت کا فطری رشتہ ہے، ان کے ساتھ فطری ناراضی ہوسکتی ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا کہ وزیر اعلی کے پی کو وفاقی حکومت سے متعلق لفظی گولہ باری زیب نہیں دیتی، لگتا ہے ان سے کام نہیں چلنا

بقیہ 42
کی جائے گی اور اس طرح ٹرائل پراسیکیوشن کے وژن پر عملدرآمد ہوگا اور سنٹر کے قیام سے پراسیکیوشن میں بھی بہتری آئے گی۔ اس امر کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اکمل خان اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوشن دفتر سرگودھا اور پراسیکیوشن سہولت سنٹر کی افتتاح کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوٹر ملک احسان اللہ ٹوانہ اور عہدیداران و ممبران بار موجود تھے۔ پراسیکیوٹر جنرل نے کہا کہ سہولت سنٹر میں عوام کی راہنمائی و فلاح کے لیے صبح 9 سے شام 4 بجے تک سٹاف موجود ہوگا۔

بقیہ 43
اور کھڑکیوں کے شیشے بھی توڑ دیئے، واقعہ کے بعد پاکستانی طلبہ خوفزدہ ہو گئے، ہاسٹل میں پاکستانی طالبات کو بھی ہراساں کرنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ کرغزستان میں موجود پاکستان کے سفیر حسن علی ضیغم نے کہا کہ پاکستانی طلبہ کی حفاظت کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، جب تک حالات معمول پر نہیں آتے پاکستانی طلبہ گھروں اور ہاسٹلز تک محدود رہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے بیان میں کہا گیا کہ پاکستانی طلبہ کی حفاظت انتہائی اہمیت کی حامل ہے، کرغزستان میں پاکستانی سفارتخانے کا پیغام موصول ہو گیا، پاکستانی سفارتخانہ کرغزستان کے حکام سے رابطے میں ہے۔ پاکستانی طالبعلم حیدر نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ مقامی طلبہ کا مصر کے طلبہ سے جھگڑا ہوا، کرغزستان کے مقامی طلبہ نے اس کے ردعمل میں غیر ملکی سٹوڈنٹس پر حملے شروع کر دیئے، ہمارے ہاسٹلز پر بھی مقامی طلبہ نے حملہ کیا ہے، متعدد پاکستانی طلبہ ان حملوں میں زخمی ہوئے ہیں، پاکستانی حکومت ہمارے تحفظ کیلئے اقدامات کرے۔

بقیہ 44
عدالت پر مبنی مواد نشر کرنے سے باز رہنا چاہیے۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ میڈیا کی جانب سے ایسے مواد نشر کرنے پر ان کے خلاف بھی توہین عدالت کی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ عدالت نے فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال کی پریس کانفرنس کا مکمل ٹرانسکرپٹ پیمرا سے طلب کرلیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ بادی النظر میں فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال کی پریس کانفرنسز توہین عدالت کے زمرے میں آتی ہیں۔ عدالت نے کہا کہ توہین عدالت پر فیصل واوڈا، مصطفیٰ کمال کو شوکاز نوٹس جاری کر رہے ہیں۔ دونوں کو 2 ہفتوں میں وضاحت پیش کرنے کا ایک موقع دیا جارہا ہے۔ فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں بھی پیش ہوں۔

بقیہ 45
ایچ کیو / ٹی ایچ کیو ہسپتال 72,578,881 روپے/- پنجاب پولیس، 188,152,966 روپے/- خیبر پختون خواہ پولیس 36,711,285 روپے/- اسلام آباد پولیس 37,076,230 روپے/- صوبہ پنجاب سے وابستہ ڈسٹرکٹ / سنٹرل جیلیں، ...

... 927,484 روپے/- کمانڈنٹ پنجاب، کانسٹیبلری (مین آفس) اینٹی ٹیررسٹ ٹریننگ سنٹر بدیاں روڈ لاہور، 925,143 روپے/- سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، ٹریننگ سکول سرگودھا 760,825 روپے/- کمانڈنٹ پولیس سکول آف انفارمیشن اینڈ اینالیسس چنگ لاہور، پولیس ٹریننگ سکول سپیشل برانچ M/ روڈ چنگ لاہور، روپے۔

بقیہ 46
گئی، گھوٹکی میں دھان کی کاشت کرنے پر ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے۔ ڈپٹی کمشنر گھوٹکی کا کہنا ہے کہ عمل نہ کرنیوالوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 47
تیاری اور پیکنگ کے مختلف مراحل کا معائنہ کیا۔ یہاں موصول ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق چوہدری سالک حسین نے اس موقع پر کہا کہ اللہ کے مہمانوں کی خدمت کے تمام شعبہ جات بہترین کام کر رہے ہیں، آٹا، چاول، سبزی، گوشت، دالوں اور مصالحوں کے معیار کا خاص خیال رکھا جائے، عازمین حج کی بڑھتی تعداد کے باوجود کھانے اور سروس کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 48
ورکنگ کمیٹی نے شہباز شریف کو قائم مقام صدر نامزد کر دیا۔ شہباز شریف پارٹی انتخاب تک قائم مقام صدر کے فرائض سرانجام دیں گے۔ اس حوالے سے رہنما ن لیگ سیف الملوک کھوکھر نے بتایا کہ شہباز شریف 28 مئی تک ن لیگ کے قائم مقام صدر رہیں گے جبکہ 28 مئی کو جنرل کونسل کے اجلاس میں نواز شریف کو پارٹی صدر منتخب کیا جائے گا۔

بقیہ 49
کئی پاکستانی سیاستدانوں اور کاروباری شخصیات کے نام آئے، ہر سیاستدان پر اپنی تمام ملکی و غیر ملکی پراپرٹی ظاہر کرنا لازم ہے، عدالت ایف آئی اے، نیب اور دیگر متعلقہ اداروں کو دبئی لیکس کی تحقیقات کا حکم دے۔

بقیہ 50
کر دے گا، کول پروجیکٹ کیلئے خریدی گئی اشیا، مشینری کی قیمتوں میں بھی واضح فرق سامنے آیا ہے۔ ایشین بینک سے لیے گئے قرضے کی مد میں 13 کروڑ روپے سے زائد کی رقم سود کی مد میں مسلسل ادا کی جارہی ہے، سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر مہیش کمار کے ریٹائرڈ ہوتے ہی ان کی جگہ بشیر احمد ببر کو پروجیکٹ ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا، کول پروجیکٹ میں روزانہ کی بنیاد پر 6 ہزار 500 ٹن کوئلے کی آمد جاری ہے

بقیہ 51
کا حکم دے دیا۔ عدالت نے گرفتار ملزم کے 30 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اگر ملزم دوسری مقدمے میں ملوث نہیں ہے تو فوری رہا کیا جائے۔ انسداد دہشتگردی کے جج اصغر علی شاہ نے دوصفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایگریکلچر انسٹیٹیوٹ پر 2017 میں حملہ ہوا تھا جس میں انسانی جانوں کا ضیاع اور مالی نقصان ہوا، واقعے کے پانچ سال بعد ملزم حماد الدین عرف ارباب کو گرفتار کیا گیا، جس کے واقعے میں ملوث ہونے کا کوئی ثبوت ریکارڈ پر موجود نہیں ہے۔

بقیہ 52
نواف بن سعید احمد المالکی سے ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، پاک سعودیہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی عرب کے سفیر نے اسلام آباد پولیس کی بہتری کے لئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف سی کے جوانوں کے لئے رہائش کا انتظام کرنے پر سعودی عرب کے سفیر کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 53
ہوئی۔ اے ایس آئی اسلام آباد پولیس ظہور احمد کیخلاف الزام ثابت ہو گیا۔ جج طاہر عباس سپرا نے ظہور احمد کو تین سال سزا کا حکم سنا دیا۔ فیصلہ آنے پر پولیس نے ظہور احمد کو کمرہ عدالت سے گرفتار کر لیا۔

بقیہ 54
ہوئی۔ اے ایس آئی اسلام آباد پولیس ظہور احمد کیخلاف الزام ثابت ہو گیا۔ جج طاہر عباس سپرا نے ظہور احمد کو تین سال سزا کا حکم سنا دیا۔ فیصلہ آنے پر پولیس نے ظہور احمد کو کمرہ عدالت سے گرفتار کر لیا۔

بقیہ 55
جاری اعلامیے کے مطابق سہیل حبیب تاجک کی جگہ عبدالجبار کو آئی جی آزاد کشمیر پولیس تعینات کر دیا گیا ہے۔ عبدالجبار کی تعیناتی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا ہے، گریڈ 20 کے عبدالجبار ایف آئی اے میں تعینات تھے۔

بقیہ 56
کی بجائے واپسی کو ترجیح دی اور جہاز کو کراچی اتارنے کا فیصلہ کیا۔ انجینئرنگ بیس پر بہتر انتظامات اور پرزہ جات کی دستیابی کے باعث طیارے کو کراچی اتارا گیا

پاکستان کو سپر ٹیلی پیتھی کا ٹیکس ماڈل نافذ کرنے کی دو ماڈل تجویز

آئی ایم ایف پٹرول اور ڈیزل پر 18 فیصد جنرل سیلز ٹیکس لگائے، مرکز اس سے جمع ہونے والی آمدن کو صوبوں سے بچانے کیلئے لیوی لگانے کا خواہاں

ایف بی آر میں سنگل نمبر اور کی بنیاد پر رجسٹریشن، ٹریش ہولڈ کا تعین کیا جائے جو تمام کاروباروں کے لیے 30 ہزار ڈالر ہونا چاہیے

اسلام آباد (اے ایف پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں ٹیکس وصول آپٹ کرنے کیلئے آسٹریلیا یا بھارت کا ٹیکس ماڈل نافذ کرنے کے دو ماڈل تجویز کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی اوور ہالنگ کی جائے۔ عالمی مالیاتی فنڈ پیٹرول اور ڈیزل پر 18 فیصد جنرل سیلز ٹیکس لگانے کی جبکہ مرکز اس سے جمع ہونے والی آمدن کو صوبوں سے بچانے کیلئے لیوی لگانے کی خواہاں ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف کی طرف سے کہا گیا ہے کہ سیلز ٹیکس بہت سی سلمین فائس کا شکار ہے اور اس میں ساختیاتی ناہمیاں ہیں، ٹیکس کو وفاقی اور صوبائی میں بانٹ دیا گیا ہے، اشیا کی سروسز میں کے اندر دہری ٹیکس سپلائیز اور ٹیکس انجمنی کی طویل فہرست فہرستیں موجود ہیں۔اس (بقیہ نمبر 1)

بیرسٹر سیف کی فیصل کریم کنڈی کو گورنر ہاؤس سے باہر پھینکنے کی دھمکی

گورنر فیصل کریم کنڈی سرٹیفائیڈ مسترد شدہ اور نااہل ہیں، بیرسٹر سیف

پشاور (آئی ٹی آئی پی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ گورنر فیصل کریم کنڈی سرٹیفائیڈ مسترد شدہ اور نااہل ہیں، ان کے پاس میڈیا میں زندہ رہنے کے لئے الفاظ سیدھے چیانات کے سوا کچھ نہیں ہے۔ ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ بوتلیاں مارنے سے بہتر ہے گورنر کے پی، وزیر اعلیٰ علی امین کنڈیپور کی طرح عوام کی خاطر کے (بقیہ نمبر 2)

کنٹونمنٹ بورڈ انسداد تجاوزات کا مہم آپریشن کے بعد ضبط کیا گیا سامان گاڑی پر لے جا رہا ہے

کروڑوں روپے مالیت کی 2 ہزار کلوگرام چرس برآمد

منشیات کی عالمی منڈی میں قیمت 34.241 ملین ڈالر کے لگ بھگ ہے

کراچی ((اے ایف پی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے ساحلوں پنجنی اور اوتھل میں کارروائی کرتے ہوئے اہلی گوائی کی 2052 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ ترجمان پاکستان کوسٹ گارڈز کے مطابق پنجنی اور اوتھل میں کارروائی کرتے ہوئے اہلی گوائی کی 2052 اسٹاد منشیات اور اینٹی (بقیہ نمبر 4)

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ایکسپائرٹی واٹسر کی بڑی کھیپ پکڑ لی

جملسازوں کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، جڑ سے خاتمہ اولین ترجیح ہے

لاہور (اے ایف پی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جملسازمافیا کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے ایکسپائرٹی واٹسر کی بڑی کھیپ پکڑلی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کا کہنا ہے خفیہ اطلاع پر بند سلوسٹرج ایریا میں کھیپں، (بقیہ نمبر 5)

لاہور: وزیر اسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان ڈی جی پی آر ریجنل کوارٹر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تمباکو کی مصنوعات پر مزید 26 فیصد ٹیکس کے نفاذ کا مطالبہ

سگریٹ کی قیمت کم ہونے کی وجہ سے یہ زیادہ لوگوں کو متاثر کرتا ہے کہ وہ سگریٹ پینا شروع کریں، ڈاکٹر خلیل احمد

تنظیم برائے تحفظ حقوق اطفال (سپارک) کے زیر اہتمام ایک مقامی ہوٹل میں صحافیوں کے ساتھ ایک بریفنگ سیشن کا اہتمام

اسلام آباد (این این آئی) صحت عامہ کے تحفظ کے لیے کام کرنے والے اداروں نے تمباکو کی مصنوعات پر مزید 26 فیصد ٹیکس کے نفاذ کا مطالبہ کیا ہے۔تنظیم برائے تحفظ حقوق اطفال (سپارک) کے زیر اہتمام ایک مقامی ہوٹل میں صحافیوں کے ساتھ ایک بریفنگ سیشن کا اہتمام کیا گیا جس میں سپارک اور دیگر تنظیموں نے وزیر خزانہ پاکستان کو لکھے گئے خط کے بارے میں میڈیا کو بتایا (بقیہ نمبر 7)

پی ٹی آئی کی سوچ گالیاں دینا اور الزم لگانا ہے، امیر مقام

ان کی ایک ہی سوچ ہے گالیاں دو، الزامات لگا دو، جھوٹ بولو

لاہور (اے ایف پی) وفاقی وزیر امور عامہ انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین کنڈیاپور بدامنی اور امتحان چاہتا ہے۔ان کے مزائم پہلے ناکام بنانے اب کی ناکام بن جائیں گے۔ بنشہ کا بازل ٹاؤن آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ وہ کہتے ہیں خیبر پختونخوا میں فارم ہیں، پیتالیس کی حکومت (بقیہ نمبر 8)

غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر 8 سکیورٹی اہل کار معطل

چیکر نے سارجنٹ ایٹ آرمز کو معطل اہل کاروں کے خلاف انکوائری کی بھی ہدایت

اسلام آباد (آئی ٹی آئی پی) پارلیمنٹ ہاؤس میں غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر چیکر قومی اسمبلی نے 8 سکیورٹی اہل کار معطل کر دیئے۔ چیکر نے سارجنٹ ایٹ آرمز کو معطل اہل کاروں کے خلاف انکوائری کی بھی ہدایت کر دی۔ ذرائع قومی اسمبلی کے مطابق متعلقہ پارلیمنٹ ہاؤس کے داخلی دروازوں پر تعینات تھے، انہوں نے بغیر کارڈ کے غیر متعلقہ افراد کو اندر جانے دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ غیر متعلقہ افراد بغیر چیکنگ اسمبلی ہال کے دروازوں تک پہنچ گئے تھے انہوں نے پارلیمنٹ کے اندر بھی (بقیہ نمبر 9)

نہر لوئر باری دوآب پر رواں سال کی پہلی تربیتی ایکسر سائز

تمام متعلقہ اداروں پنجاب پولیس، سول ڈیفنس اور ریسکیو کے شرکاء کی شرکت

ساہیوال (آئی ٹی آئی پی) ڈویژن ساہیوال میں سیلاب کی حالیہ صورتحال کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 ساہیوال ڈاکٹر خالد عبداللہ کی زیر نگرانی نہر لوئر باری دوآب پر سال 2024 کی پہلی موک ایکسر سائز کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ڈویژن ساہیوال کے تمام متعلقہ اداروں پنجاب پولیس، سول ڈیفنس اور (بقیہ نمبر 2)

فوری ضرورت
عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

سلم لیگ (ن) کے نائب صدر اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی میرپور خاص میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

موٹر سائیکل چوری میں ملوث 2 گینگز کے 5 ارکان گرفتار

چوری شدہ 9 موٹر سائیکل، بیٹری اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 5 ارکان گوگرفتار کر کے چوری شدہ 9 وارداتوں میں موٹر سائیکل، بیٹری اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 5 ارکان گوگرفتار کر کے چوری شدہ 9 وارداتوں میں (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، 10 منشیات فروش اور شراب سپلائر گرفتار

قبضہ سے 5 کلو سے زائد چرس، 25 لیٹر اور 2 بوتل شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروش اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان گوگرفتار کر لیا ملزمان کے قبضہ سے 5 کلو سے زائد چرس، 5 لیٹر اور 2 بوتل شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے ۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے فدم حسن سے 1 (بقیہ نمبر 4)

ایک لڑکی دھوپ کی شدت سے بچنے کے لئے چھتری تان کر جا رہی ہے

سرکاری ادویات کی خورد برد میں ملوث 6 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان لاکھوں روپے مالیت کی سرکاری ادویات کی خورد برد میں ملوث تھے

ملزمان کی نشاندہی پر پنڈارہ کے مختلف نجی اسپتالوں میں چھاپے مارے گئے

پشاور ((اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے سب سے بڑے لیڈی ریفرنگ اسپتال کے تین ملازمین سمیت 6 کردہ سرکاری ادویات کی غیر قانونی طور پر فروخت کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے لیڈی ریفرنگ اسپتال کی سرکاری ادویات فروخت کرنے کے معاملے پر کارروائی کرتے ہوئے ادویات کے فروخت میں ملوث لیڈی ریفرنگ اسپتال کے تین ملازمین سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزمان لاکھوں روپے مالیت کی سرکاری ادویات کی خورد برد میں ملوث تھے، ملزمان لیڈی ریفرنگ اسپتال کی جاری کی گئی سرکاری ادویات فروخت کرتے تھے۔

''نشاب نہیں'' تحریک کے تحت 8 منشیات فروش گرفتار

قبضہ سے ہیروئن اور آئس برآمد کر کے مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سیوطی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے ''نشاب نہیں'' تحریک کے تحت 8 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضہ سے ہیروئن اور آئس برآمد کر کے مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او پولیس اسلام آباد سیوطی ناصر رضوی کی نگرانی میں اسلام آباد پولیس کی وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی ''نشاب نہیں'' تحریک جاری ہے۔

ڈی آئی جی آپریشنز اور محمد فیصل کامران علی لجپری میں آنے والے شہریوں کے ساتھ اس رہے ہیں

اے آئی جی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اے آئی جی انوسٹی گیشن نے سی پی او اسلام آباد میں علی کچہری سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں علی کچہری کا انعقاد کیا، اے آئی جی انوسٹی گیشن نے علی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی۔ تفصیلات کے مطابق اے آئی جی انوسٹی گیشن سید حاشیت علی شاہ نے انعقاد کیا، اے آئی جی انوسٹی گیشن نے علی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی۔ تفصیلات کے مطابق اے آئی جی انوسٹی گیشن سید حاشیت علی شاہ نے انعقاد کیا۔ اے آئی جی انوسٹی گیشن نے علی کچہری کا مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو مارک (بقیہ نمبر 5)

کرنل شیر خان شہید روڈ پر تجاوزات ہٹانے تجاوزات قائم کر رہی ہیں

درخت لگانا ایک نیک کام ہے، ایڈوائزر مستحب ضلع جہلم

پودے لگانا کو نہ صرف انسانی آکسیجن پوری ہوتی ہے بلکہ بیماریوں سے نجات ملتی ہے

جہلم (این این آئی) پودے لگا کر نہ صرف انسانی آکسیجن پوری ہوتی ہے بلکہ بیماریوں سے نجات ملتی ہے جنگلہ گجاری ایک نیک کام ہے جسے میں فخر کرتا ہوں اور ملک کو سرسبز و شاداب بنانا ہے۔ این خیالات کا اظہار ایڈوائزر مستحب ضلع جہلم اشتاق احمد رانا نے نئے قبرستان میں پودا لگانے کے بعد کیا۔ اس موقع پر صدر جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ذوالفقار اعوان ساجی و عمر شریف تارڑ ایڈووکیٹ، فرحت کمال ضیا ایڈووکیٹ، عبدالغفور (بقیہ نمبر 6)

ستھرا پنجاب مہم کو مکمل طور پر فعال کیا جائے

تمام علاقوں میں صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جائے، ڈی سی جہلم

جہلم (این این آئی) ڈی سی جہلم سید ورلہ علی نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب مہم کو مکمل طور پر فعال کیا جائے اور تمام علاقوں میں صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جائے ۔انہوں نے یہ بات ستھرا پنجاب مہم کے تحت مختلف علاقوں میں جاری صفائی مہم کے تفصیلات بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کی ۔ اجلاس میں لوکل گورنمنٹ افسران ، (بقیہ نمبر 7)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035

حکومت آئی ٹی کے فروغ کیلئے کام کر رہی ہے، شہزہ فاطمہ

ٹیشل ڈیجیٹل فریم ورک کے تحت قانون سازی کی طرف جا رہے ہیں، پاکستان آپٹیکل فائبر بنانے والا پہلا ملک ہے

جلد فائبر جی سروسز لانچ ہو جائے گی، مقامی طور پر تیار موبائل فون برآمد کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شہزہ فاطمہ نے کہا ہے کہ حکومت سٹیک ہولڈرز کیساتھ ملکر آئی ٹی کے فروغ کیلئے کام کر رہی ہے، ٹیشل ڈیجیٹل فریم ورک کے تحت قانون سازی کی طرف جا رہے ہیں، پاکستان آپٹیکل فائبر بنانے والا پہلا ملک ہے، جلد فائبر جی سروسز لانچ ہو جائے گی، مقامی طور پر تیار موبائل فون برآمد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ہوا سے پاکستان بیوٹ کوارٹرز میں عالمی یوم ٹیلی کام ہوا سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت شہزہ فاطمہ نے (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی: گرمی کی شدت کے باعث شیری سڑک کنارے سٹال لگنے کا رش خریدار ہے ہیں

جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس پاکستان کا حلف اٹھالیا

اسلام آباد (آئی ٹی آئی پی) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس پاکستان کا حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ میں ہوئی، جسٹس عیسیٰ آفریدی نے جسٹس منیب اختر سے حلف لیا، تقریب میں سپریم کورٹ کے جج، بیرسٹر وکلا نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے بعد سینئر ترین (بقیہ نمبر 19)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 07 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 7 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور پیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم دیشوشاہ سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، ملزم عبداللہ سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، ملزم فاروق سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، مندرہ پولیس نے ملزم شعبان سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، کوہد پولیس نے ملزم لطیف سے 1 بوتل 0 بور معہ (بقیہ نمبر 21)

شہریوں کو ہیٹ سٹروک سے بچاؤ کیلئے عملی اقدامات کا فیصلہ

لوگوں کی بیٹھنے جگہ کے ساتھ ہوا اور ٹھنڈا پینے کا پانی رکھا جائے گا

راولپنڈی (اے ایف پی): ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ کی زیر صدارت ہیٹ سٹروک سے بچاؤ کے حوالے سے انتظامی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں صحتی انتظامیہ راولپنڈی کا شہریوں کو ہیٹ سٹروک سے بچاؤ کے لئے عملی اقدامات کا فیصلہ کیا ہے، اس موقع (بقیہ نمبر 22)

غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف کارروائیاں تیز

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

راولپنڈی (اے ایف پی) ڈویژن ایمنی جنسی کمیٹی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ٹاسک فورس نے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف اپنی سخت کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ آر ڈی اے افسر سعد سکوانے ہاؤسنگ سکیموں میں سنگجانی ٹاؤن، تھوی (بقیہ نمبر 20)

جانائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 7 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، 7 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور پیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم دیشوشاہ سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، ملزم عبداللہ سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، ملزم فاروق سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، مندرہ پولیس نے ملزم شعبان سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، کوہد پولیس نے ملزم لطیف سے 1 بوتل 0 بور معہ (بقیہ نمبر 21)

پارلیمنٹ گیلری موچی دروازہ نہیں ڈی چوک جائے، خواجہ آصف

جونجے بازی کی پارلیمنٹ کی عزت کو برقرار رکھنا چاہیے، گیلریوں، لفٹس کے پاس تک نا کرز، یونیورسز پھر رہے ہوتے ہیں، کوئی انہ پتہ نہیں کون لایا؟

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کی گیلری موچی دروازہ سے نہ ڈی چوک کہ نعرے بازی کی جائے، پارلیمنٹ کی عزت کو برقرار رکھنا چاہیے، گیلریوں، لفٹس کے پاس تک نا کرز، یونیورسز پھر رہے ہوتے ہیں، کوئی انہ پتہ نہیں، انہیں کون لایا، سکیورٹی خدشات کے تناظر میں قومی اسمبلی عمارت، لابیوں میں خاتمی اقدامات سختی بنانا ضروری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ قومی اسمبلی کے مین گیٹ پر 40 سے 50 تک نا کرز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کھڑے ہوتے (بقیہ نمبر 23)

محکمہ ہیلتھ کی جانب سے کی ہوئی بس منعقدہ سیمینار کے بعد ایم پی اے خیالہ شاہ اور شرکا کا گروپ فوٹو

5 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضہ سے شراب اور اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم مرسے کا 5 لیٹر شراب، ملزم عامر سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم آصف سے 10 لیٹر شراب، ملزم شکیل سے 1 بوتل 0 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے

فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) صدر بیرونی پولیس کی کارروائی، فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے کے مقدمہ میں ملوث ملزم رضوان کو گرفتار کر لیا، ملزم رضوان نے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ رنجشی کی بنا پر فائرنگ کر کے شہری انعام کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے (بقیہ نمبر 26)

ناہندگان سے بقایا جات کی ریکوری کی ہدایت

ناہندگان کے کنکشنز فی الفور منقطع کرنے کے احکامات دیے

راولپنڈی (اے ایف پی) ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے کمزہ مرتضیٰ اور ایم ڈی واسا راولپنڈی محمد سلیم اشرف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں واسا راولپنڈی نے واسا ناہندگان کے خلاف ریکوری آپریشن کا تیز کر کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں واسا راولپنڈی میں خصوصی اجلاس ہوا جس میں ڈائریکٹر ریونیو ، ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو سمیت (بقیہ نمبر 25)

انسداد تجاوزات کی ٹائمی کے باعث سکستھ روڈ کے فٹ پاتھ پر دکانیں سجائی گئی ہیں

حکومت کی عوام پر ''بجلی بم'' گرانے کی تیاریاں، بجلی کی قیمتوں میں 25 فیصد اضافے کا مطالبہ

کم جولائی 2025 سے بنیادی قومی بجلی کے نرخوں میں تقریباً 25 فیصد اضافے کی درخواست کر دی گئی ہے

پیرا نے پاور ڈویژن کی سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے پاور کمپنیوں کی طرف سے دی گئی

اسلام آباد (اے ایف پی) حکومت ''بجلی بم'' گرانے کی تیاری کر رہی ہے اور مالی سال 2025 میں تقریباً 40 کھرب روپے کی آمدنی کی ضرورت پورا کرنے کی غرض سے باضابطہ طور پر بجلی کی کمپنیوں کے لیے کم جولائی 2025 سے بنیادی قومی بجلی کے نرخوں میں تقریباً 25 فیصد اضافے کی درخواست کر دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے پاور ڈویژن کی سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے پاور (بقیہ نمبر 27)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں علی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تمام بیٹ آفیسرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے۔ (بقیہ نمبر 28)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
Call / Whatsapp
0309-7900035